اشاعت کا ۴۵ واں سال

روزنامہ آفاق سرینگر

Daily Afaaq Srinagar

بانی: مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری

Visit us at: www.dailyafaaq.com

afaaqkashmir.yahoo.com dailyafaaq

Ph:- 0194-2452028, 2475279 Fax:- 0194-2475279

RNI NO: 43732/85 Friday 06 March 2026

ESTABLISHED IN 1985

06 مارچ 2026ء بمطابق 16 رمضان المبارک 1447ھ جمعتہ المبارک، جلد نمبر 47، شمارہ نمبر 57 صفحات 8 قیمت 3 روپے


15
رمضان کریم 1447 2026

| 06 March جمعتہ المبارک | 07 March سنیچر وار |
|---|---|
| وقت افطار | اختتام سحری |
| 6:34 | 5:30 |



8 امریکہ جو کچھ کر رہا ہے اسے اس پر پچھتاوا ہوگا

7 بی سی سی آئی کی جموں وکشمیر ٹیم کو تاریخی کامیابی پر مبارکباد

# فوجی تنازعہ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں, وزیر اعظم مودی

## یوکرین ہو یا مغربی ایشیا تنازعات، جلد خاتمے اور امن کی ہر کوشش کی حمایت جاری رکھیں گے

## عالمی چیلنجوں کے حل کے لیے عالمی اداروں میں فوری اصلاحات ناگزیر



نئی دہلی/۵ مارچ/(ایجنسیز) مغربی ایشیا میں جاری فوجی کشیدگی کے درمیان ہندستان اور فن لینڈ نے قانون کی حکمرانی اور سفارت کاری پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ صرف فوجی ٹکراؤ سے کسی بھی مسئلے کا حل ممکن نہیں۔ دونوں مما لک نے مغربی ایشیا اور یوکرین میں جاری تنازعات کے جلد خاتمے اور قیام امن پر بھی زور دیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ہندستان کے دورے پر آئے فن لینڈ کے صدر الیگزینڈر اسٹب کے ساتھ جمعرات کو یہاں دوطرفہ بات چیت کے بعد مشترکہ پریس بیان میں کہا کہ ہندستان اور فن لینڈ نے ٹیکنالوجی سے لے کر دفاع جیسے شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے کے لیے اپنے تعلقات کو اسٹریٹجک شراکت داری کا درجہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ دونوں مما لک نے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے تین مفاہمتی یادداشتوں (ایم او یوز) پر بھی دستخط کیے۔ دونوں مما لک نے قانون کی حکمرانی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے عالمی اداروں میں اصلاحات کی وکالت کی ہے۔ انہوں نے ہر قسم کی دہشت گردی کے خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مسٹر مودی نے عالمی سطح پر عدم استحکام اور غیر یقینی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یوکرین سے لے کر مغربی ایشیا تک دنیا کے کئی حصوں میں تنازع کی کیفیت (بقیہ ۶ پر)

### ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی موت پر حکومت ہند کا رسمی اظہار تعزیت

نئی دہلی/۵ مارچ (یو این آئی) ہندوستان نے جمعرات کے روز ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی موت پر رسمی طور پر تعزیت کا اظہار کیا۔ سکریٹری خارجہ وکرم مصری نے دارالحکومت میں ایرانی سفارت خانے کا دورہ کیا اور ہندوستان میں ایرانی سفیر محمد فتح علی سے بات کی اور وہاں رکھی تعزیتی رجسٹر پر دستخط کیے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر تصاویر شیئر کر کے لکھا، "خارجہ سکریٹری وکرم مصری نے ایرانی سفارت خانے کا دورہ کیا اور سپریم لیڈر آیت اللہ سید خامنہ ای کی موت پر ہندوستان کے عوام اور حکومت کی جانب سے تعزیتی رجسٹر پر دستخط کیے"۔ مسٹر خامنہ ای اور ان کے خاندان کے (بقیہ ۶ پر)

### جمعہ کے پیش نظر آج سخت پابندیاں عائد رہیں گی

### سری نگر کے بیشتر علاقوں میں معمولات زندگی بحال

سری نگر/۵ مارچ (یو این آئی) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت کے بعد وادی کے مختلف حصوں میں ہونے والے احتجاج کے پیش نظر عائد پابندیوں میں انتظامیہ کی جانب سے جزوی نرمی کے بعد سری نگر کے کئی علاقوں میں جمعرات کو معمولاتِ زندگی بتدریج بحال ہونا شروع ہو گئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق صورتحال میں بہتری کو دیکھتے ہوئے حکام نے شہر کے بعض علاقوں میں نقل و حرکت پر عائد پابندیوں میں نرمی دی جس کے بعد بازاروں میں محدود سرگرمیاں دوبارہ شروع ہو گئیں اور سڑکوں پر ٹریفک کی جزوی آمد ورفت بھی دیکھی گئی۔ حکام نے بتایا کہ گزشتہ دنوں احتجاجی مظاہروں کے خدشے کے پیش نظر وادی کے کئی حساس علاقوں میں احتیاطی طور پر پابندیاں نافذ کی گئی تھیں تا کہ امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق اگرچہ کئی علاقوں میں صورتحال (بقیہ ۶ پر)

### ایرانی جنگی جہاز پر امریکی حملہ باعث تشویش، بھارت کو صورتحال میں گھسیٹنے کی مذموم کوشش

## ایران میں پھنسے کشمیریوں کی بحفاظت واپسی کیلئے کوشاں

### کچھ شر پسند عناصر کی جانب سے امن کو خطرہ، عوام صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں: وزیر اعلیٰ

جموں/۵ مارچ/(ایجنسیز) جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعرات کو ایک ایرانی جنگی جہاز کے ڈوبنے کی اطلاع پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشتی اور اس کا عملہ کثیر الجہتی بحری مشق کے لئے ہندوستان کے مہمان تھے۔ اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ ایران میں پھنسے کشمیریوں کی واپسی کی کوششیں جاری ہیں، اور ساتھ ہی عوام سے صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کی ہے۔ بدھ کو سری لنکا کے ساحل کے قریب بین الاقوامی پانیوں میں ایک امریکی آبدوز کے ٹارپیڈو کے ذریعے ایرانی جنگی جہاز کو ڈبونے کے بعد یہ مغربی ایشیا میں ایک بڑی کشیدگی کے بعد سامنے آیا ہے۔ یہ جہاز ہندوستان کی میزبانی میں میلان بحری مشق سے واپس آ رہا تھا۔ جے کے این ایس کے مطابق جموں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ اس واقعہ نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں بے چینی پیدا کر دی ہے کیونکہ طلباء سمیت بہت سے باشندے اس وقت ایران میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بدقسمتی کی بات ہے کہ ایرانی جنگی جہاز پر حملہ کیا گیا، وہ ہمارے مہمان تھے اور یہاں بحری مشق کیلئے آئے تھے، واپسی کے دوران حملہ کیا گیا، ایک طرح (بقیہ ۶ پر)

### لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر کویندر گپتا مستعفی

سری نگر/۵ مارچ (یو این آئی) مرکزی زیر انتظام علاقہ لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر کویندر گپتا نے جمعرات کو اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ انہوں نے یہ قدم عہدہ سنبھالنے کے تقریباً نو ماہ بعد اٹھایا ہے۔ ذرائع کے مطابق کویندر گپتا نے جمعرات کی شام اپنا استعفیٰ پیش کیا، تاہم اس فیصلے کی وجوہات کے بارے میں انہوں نے کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ یہ پیش رفت اس وقت سامنے آئی ہے جب اس سے کچھ ہی دیر قبل مغربی بنگال کے گورنر سی وی آنندے بوس نے بھی اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ (بقیہ ۶ پر)

# موسم بہار سے پہلے ہی گرمی کی شدت، گلمرگ میں تاریخی درجہ حرارت

## سرینگر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24.7 سینٹی گریڈ ریکارڈ



سری نگر/۵ مارچ (یو این آئی) وادی کشمیر میں مارچ کے آغاز پر ہی غیر معمولی گرمی ریکارڈ کی گئی ہے اور بیشتر علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے 10 سے 13 سینٹی گریڈ تک زیادہ درج کیا گیا ہے، جس سے موسم میں اچانک تبدیلی محسوس کی جا رہی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جمعرات کو سری نگر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24.7 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جو معمول سے تقریباً 11.7 سینٹی گریڈ زیادہ ہے۔ جنوبی کشمیر کے قاضی گنڈ میں درجہ حرارت 24.6 سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا جو معمول سے 12 سینٹی گریڈ زیادہ ہے۔ سیاحتی مقام پہلگام میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20.8 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جو معمول سے 10.8 سینٹی گریڈ زیادہ ہے، جبکہ شمالی کشمیر کے کپواڑہ میں 23.7 سینٹی گریڈ درجہ حرارت درج کیا گیا جو معمول سے 11.2 سینٹی گریڈ زیادہ ہے۔ اسی طرح کوکرناگ میں درجہ حرارت 23.1 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جو معمول سے 11.9 سینٹی گریڈ زیادہ ہے۔ مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 17.2 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جو معمول سے 13.7 سینٹی (بقیہ ۶ پر)

### حکومت نے آئی اے مشن کے قیام کیلئے اقدامات شروع کئے

## مصنوعی ذہانت کے بڑھتے ہوئے کردار پر تبادلہ خیال

جموں/۵ مارچ/(آفاق نیوز ڈیسک) حکومت نے جموں وکشمیر آرٹیفیشل انٹیلی جنس مشن (جے کے-اے آئی ایم) کے قیام کے لیے اقدامات شروع کیے ہیں تا کہ مصنوعی ذہانت کو اپنانے اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کو گورننس میں فروغ دیا جا سکے۔ اس سلسلے میں ایک میٹنگ ڈاکٹر پیوش سنگلا، ایڈمنسٹریٹو سیکرٹری، انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کے زیر صدارت منعقد ہوئی، جس میں حکومتی کام کاج اور عوامی خدمات کی فراہمی میں AI پر مبنی حل کو فعال کرنے کے لیے ایک منظم ادارہ جاتی فریم ورک بنانے پر غور کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران، گورننس کو مضبوط بنانے، ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کو فعال کرنے اور شہریوں کی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے میں مصنوعی ذہانت کے بڑھتے ہوئے کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ مشاہدہ کیا گیا کہ AI ٹیکنالوجیز حکومتی نظاموں کے ذریعے تیار کردہ ڈیٹا کی بڑی مقدار کا تجزیہ کرنے اور پالیسی کی تشکیل، آپریشنل کارکردگی اور خدمات تک رسائی کو بہتر بنانے میں مدد کر سکتی ہیں۔ سکریٹری آئی ٹی نے اس بات پر زور دیا کہ مجوزہ JK-AIM تمام سرکاری محکموں میں مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹکنالوجی کے استعمال کو فروغ دے گا اور AI پر مبنی حل جیسے کہ ذہین چیٹ بوٹس، خودکار شکایات کے نظام، (بقیہ ۶ پر)

### مرکز ایران پر امریکی واسرائیلی حملے کے تعلق سے اپنا موقف واضح کرے: ڈاکٹر فاروق عبداللہ

جموں/۵ مارچ (یو این آئی) جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مغربی ایشیا میں پیدا ہونے والی تازہ کشیدگی کے تناظر میں مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی کارروائیوں کے بارے میں اپنا موقف واضح کرے۔ کٹرا میں ایک تقریب کے حاشیے پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے موصوف نے ایران کے سپریم لیڈر کے قتل کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی آزاد اور خودمختار ملک پر اس طرح کا حملہ بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کے خلاف ہے اور اس کے سنگین عالمی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہند (بقیہ ۶ پر)


### کشمیر ڈویژن کے 660 سکولوں کو نوٹس جاری

### مطلوبہ دستاویزات جمع کرانے میں ناکام

سرینگر/۵ مارچ/(آفاق نیوز ڈیسک) جموں وکشمیر کمیٹی برائے فکسیشن اینڈ ریگولیشن آف فیس آف پرائیویٹ سکولز (ایف ایف آر سی) نے کشمیر ڈویژن کے 660 پرائیویٹ سکولوں کو اپنے فیس ڈھانچے کے ضابطے اور تعین سے متعلق مطلوبہ دستاویزات جمع کرانے میں ناکامی پر حتمی نوٹس جاری کیا ہے۔ جسٹس سنیل ہالی (ریٹائرڈ) کی سربراہی والی کمیٹی کے جاری کردہ نوٹس کے مطابق، کئی نجی اسکول حکام کی جانب سے پہلے سے بات چیت کے باوجود ضروری فائلیں اور دستاویزات فراہم کرنے میں مسلسل ناکام رہے ہیں۔ کمیٹی نے کہا کہ یہ عدم تعمیل سنگین خدشات کو جنم دیتی ہے اور نجی تعلیمی اداروں میں (بقیہ ۶ پر)

### دریائے جہلم میں پانی کی سطح مارچ کے آغاز میں ہی غیر معمولی طور پر کم

## پانی کی سطح منفی 0.86 فٹ ریکارڈ، کشمیر میں آبی بحران کا ابتدائی انتباہ،



سری نگر/۵ مارچ (یو این آئی) دریائے جہلم میں پانی کی سطح مارچ کے پہلے ہفتے میں غیر معمولی طور پر کم ریکارڈ کی گئی ہے جسے ماہرین نے خطے کی آبی صورتحال اور مستقبل میں دھان کی کاشت کے لیے ایک تشویشناک اشارہ قرار دیا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق جمعرات کی صبح 9 بجے سنگم کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی سطح منفی 0.86 فٹ ریکارڈ کی گئی، جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ دریا زیرو گیج سطح سے بھی نیچے بہہ رہا (بقیہ ۶ پر)

# نوجوان روزگار کے متلاشی بننے کے بجائے روزگار پیدا کرنے والے بنیں: عمر عبداللہ

## صرف روایتی زراعت سے روزگار کے مسائل حل نہیں ہوں گے، ویلیو ایڈیشن اور جدید زرعی کاروبار کو فروغ دینا ہوگا



جموں/۵ مارچ / (ڈی آئی پی آر) وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں وکشمیر میں زراعت اور اس سے منسلک شعبوں کی بے پناہ امکانات کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر کمپیٹے ٹیوینس امپروومنٹ آف ایگری کلچر اینڈ الائیڈ سیکٹرز پروجیکٹ (جے کے سی آئی پی) جیسے اقدامات جموں وکشمیر میں متحرک سٹارٹ اپ ایکو سسٹم کو فروغ دینے اور اختراع پر مبنی کاروبار کو بڑھاوا دینے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (ایس کے یو اے ایس ٹی) جموں میں جے کے سی آئی پی کے تحت منعقدہ سٹارٹ اَپ رسائی پروگرام سے خطاب کر رہے تھے جس کا اہتمام یونیورسٹی اور محکمہ زرعی پیداوار حکومت جموں وکشمیر نے مشترکہ طور پر کیا تھا۔ پروگرام میں وزیر برائے زراعت جاوید احمد ڈار، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، وائس چانسلر سکاسٹ جموں (بقیہ ۶ پر)




## ایران تنازع میں امریکی فوج کے ہندوستانی بندرگاہوں
## کے استعمال کے دعوے کو ہندوستان نے مسترد کیا

نئی دہلی، 05 مارچ (یو این آئی) امریکہ-اسرائیل-ایران جنگ کے دوران ہندوستان نے ان دعوؤں کو رد کر دیا ہے جن میں کہا گیا تھا کہ ایران کے خلاف حملے میں امریکہ ہندوستانی بندرگاہوں کا استعمال کر رہا ہے۔ یہ ردعمل ایک سابق امریکی کرنل کے بیان کے بعد آیا، جس میں انہوں نے کہا تھا کہ امریکی بحریہ موجودہ تنازع میں ہندوستانی بندرگاہوں پر انحصار کر رہی ہے۔ امریکی چینل ون امریکہ نیوز نیٹ ورک '(او اے این) کو دیے گئے انٹرویو میں کرنل ڈگلس میکگریگر نے کہا کہ ہمارے تمام اڈے تباہ ہو گئے ہیں۔ ہمارے بندرگاہی ڈھانچے تباہ ہو گئے ہیں۔ ہمیں واقعی ہندوستان اور ہندوستانی بندرگاہوں پر انحصار کرنا پڑ رہا ہے، جو مثالی صورتحال نہیں ہے۔ بحریہ کا یہی کہنا ہے اور مجھے لگتا ہے کہ ہماری مایوسی کے باوجود ایران بہت اچھا مظاہرہ کر رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ہم اسے کب تک جاری رکھ سکتے ہیں؟" اس دعوے کو جھوٹا قرار دیتے ہوئے پی آئی بی فیکٹ چیک نے 'ایکس' پر پوسٹ کیا کہ امریکہ میں قائم چینل او اے این پر امریکی فوج کے سابق کرنل ڈگلس میکگریگر نے بیان دیا ہے کہ جاری ایران-امریکہ تنازع میں امریکہ ایران پر حملے کے لیے ہندوستانی بحریہ کے اڈوں کا استعمال کر رہا ہے۔ یہ دعویٰ جھوٹا ہے۔" وزارتِ خارجہ (ایم ای اے) نے بھی میکگریگر کے دعوے کو مسترد کر دیا۔

## شاہ نے مردم شماری کے لیے چار ڈیجیٹل پلیٹ فارم شروع کئے

نئی دہلی، 05 مارچ (یو این آئی) مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جمعرات کو مردم شماری 2027 کے لیے چار ڈیجیٹل پلیٹ فارم کا سافٹ لانچ' اور دو شوبھنکر- "پراگتی) "خاتون) اور وِکاس) "مرد) - کا باضابطہ اجرا کیا۔ ملک بھر میں مردم شماری کے کام کو آسان بنانے کے لیے سی-ڈیک (Centre for Development of Advanced Computing) نے یہ جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارم تیار کیے ہیں۔ اس موقع پر مرکزی داخلہ سکریٹری اور ہندوستان کے رجسٹرار جنرل و مردم شماری کمشنر سمیت کئی اعلیٰ افسران موجود تھے۔ مرکزی حکومت نے گزشتہ سال جون میں مردم شماری 2027 کی نوٹیفکیشن جاری کی تھی، جس کے بعد اس کی باضابطہ شروعات ہوئی۔ یہ دنیا کی سب سے بڑی مردم شماری ہوگی، جو دو مرحلوں میں مکمل ہوگی۔ پہلی بار مردم شماری ڈیجیٹل طریقے سے کی جائے گی اور پہلی بار خود شماری (Self Enumeration) کا آپشن بھی دیا جا رہا ہے۔ مردم شماری 2027 کے شوبھنکر پراگتی) "خاتون شمار کنندہ) اور وِکاس) "مرد شمار کنندہ) کو دوستانہ اور آسان علامت کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ یہ دونوں 2047 تک ہندوستان کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے عزم میں خواتین اور مردوں کی مساوی شراکت داری کی علامت بھی ہیں۔ ان کے ذریعے مردم شماری سے متعلق معلومات اور پیغام عوام تک مؤثر انداز میں پہنچائے جائیں گے۔ امت شاہ نے اس موقع پر چار ڈیجیٹل پلیٹ فارم لانچ کیے : ہاؤس لسٹنگ بلاک کریئیٹر (HLBC) ویب ایپلیکیشن: یہ ویب-میپ ایپلیکیشن افسران کو سیٹلائٹ تصاویر کی مدد سے مکانات کی فہرست سازی کے بلاک بنانے میں مدد دیتی ہے، جس سے ملک بھر میں جغرافیائی کوریج کا معیار قائم ہوتا ہے۔ HLO موبائل ایپلیکیشن: ایک محفوظ آف لائن موبائل ایپ ہے، جس کے ذریعے شمار کنندہ مکانات کا ڈیٹا جمع اور اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔



یہ اینڈرائیڈ اور آئی او ایس پر دستیاب ہے اور 16 زبانوں میں چل سکتا ہے۔ خود شماری پورٹل (Self Enumeration Portal): پہلی بار عوام کو یہ سہولت دی جا رہی ہے کہ وہ گھر گھر سروے سے پہلے اپنی معلومات آن لائن درج کر سکیں۔ رجسٹریشن کے بعد ایک منفرد آئی ڈی جاری ہوگی۔

## فروری میں گاڑیوں کی فروخت نے نیا ریکارڈ قائم کیا

نئی دہلی، 5 مارچ (یو این آئی) ملک میں گاڑیوں کی فروخت کا ریکارڈ توڑ سلسلہ سال کے دوسرے مہینے میں بھی جاری رہا اور 24 لاکھ سے زائد یونٹس کی فروخت کے ساتھ فروری میں نیا ریکارڈ قائم ہوا۔ گاڑیوں کے ڈیلرز کی تنظیم فیڈریشن آف آٹوموبائل ڈیلرز ایسوسی ایشن (فادا) کی جانب سے جمعرات کو جاری بیان کے مطابق فروری 2026 میں ملک بھر میں مجموعی طور پر 24,09,362 گاڑیاں فروخت ہوئیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 25.62 فیصد زیادہ ہیں۔ مسافر گاڑیاں (کاریں، یوٹیلٹی وہیکلز اور وین)، دو پہیہ، تین پہیہ، کمرشیل گاڑیاں اور ٹریکٹر سبھی زمروں کی فروخت گزشتہ تمام فروری کے مقابلے میں زیادہ رہی۔ ان میں بالترتیب 26 فیصد، 25 فیصد، 24 فیصد، 29 فیصد اور 36 فیصد سالانہ اضافہ درج کیا گیا۔ گزشتہ سال ستمبر میں اشیا و خدمات ٹیکس (جی ایس ٹی) کی شرح میں کمی کے بعد سے گاڑیوں کی فروخت مضبوط بنی ہوئی ہے۔ فادا کے مطابق 75 فیصد سے زیادہ ڈیلرز کو امید ہے کہ آئندہ دنوں میں فروخت میں مزید اضافہ ہوگا۔ فادا کے صدر سی ایس وگنیشور نے کہا کہ فروری 2026 آٹو انڈسٹری کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا ہے۔ تعمیراتی آلات کے شعبے (1.22 فیصد کمی) کو چھوڑ کر دیگر تمام زمروں میں تیزی دیکھنے میں آئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فروری میں شہری علاقوں میں دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت میں 29 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 22 فیصد اضافہ ہوا۔ اعداد و شمار کے مطابق فروری میں مسافر گاڑیوں کی خردہ فروخت 3,94,768 یونٹس رہی، جو سالانہ بنیاد پر 26.12 فیصد زیادہ ہے۔ تین پہیہ گاڑیوں کی فروخت 24.39 فیصد بڑھ کر 1,17,130 یونٹس اور دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت 25.02 فیصد اضافے کے ساتھ 17,00,505 یونٹس تک پہنچ گئی۔ کمرشیل گاڑیوں کی فروخت میں 28.89 فیصد اور ٹریکٹروں کی فروخت میں 36.35 فیصد اضافہ ہوا، جن کی بالترتیب 1,00,820 اور 89,418 یونٹس فروخت ہوئیں۔ تاہم تعمیراتی آلات کی فروخت 1.22 فیصد گھٹ کر 6,721 یونٹس رہ گئی۔

## ہندوستان دنیا کی عالمی اسکل کیپٹل بننے کی راہ پر گامزن: جینت چودھری

نئی دہلی، 5 مارچ (یو این آئی) مرکزی وزیر مملکت برائے ہنرمندی کے فروغ اور انٹر پرینیورشپ (آزادانہ چارج) اور وزیر مملکت برائے تعلیم جینت چودھری نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے وژن کے تحت ہندوستان دنیا کی عالمی اسکل کیپٹل بننے کی سمت میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ مسٹر چودھری نے جمعرات کے روز فن لینڈ کی حکومت کے وزیرِ روزگار مٹیاس مارٹینن کے ساتھ ہنر مندی کی ترقی، پیشہ وارانہ تعلیم اور افرادی قوت کی نقل و حرکت کے شعبوں میں ہندوستان اور فن لینڈ کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے کے مواقع تلاش کرنے کے لیے دوطرفہ ملاقات کی۔ اس ملاقات میں پیشہ وارانہ تعلیم کو فروغ دینے اور ہنر مند افرادی قوت کی نقل و حرکت کے لیے راستہ ہموار کرنے کی خاطر اداروں، صنعتوں اور تربیتی نظام کے درمیان تعاون کو مزید گہرا کرنے کے مواقع پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کے وژن کے تحت ہندوستان دنیا کی عالمی مہارتوں کی راجدھانی بننے کی سمت میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ ہندوستان عالمی صنعتوں میں ہنر مند صلاحیتوں کا حصہ ڈالنے کے لیے اچھی پوزیشن میں ہے۔ ہندوستان کی آبادیاتی طاقت اور فن لینڈ کی تکنیکی و پیشہ وارانہ مہارتیں ہنرمندی کے شعبے میں ایک فطری شراکت داری قائم کرتی ہیں۔ ہماری گفتگو تربیتی نظام کے درمیان عملی پل بنانے، ادارہ جاتی تعاون کو مضبوط کرنے اور اعلیٰ تربیت اور نقل و حرکت کے معیارات کو برقرار رکھتے ہوئے ہنر مند نوجوانوں کے لیے عالمی مواقع تک رسائی کے راستے ہموار کرنے پر مرکوز تھی۔ مسٹر مارٹینن نے کہا کہ پیشہ وارانہ تعلیم اور افرادی قوت کی ترقی کے میدان میں ہندوستان کے ساتھ بڑھتی ہوئی شراکت داری کو فن لینڈ بڑی اہمیت دیتا ہے۔ ہندوستان کا مضبوط اسکل



ڈیولپمنٹ نظام اور نوجوان صلاحیتیں آئندہ تعاون کے لیے اہم مواقع فراہم کرتی ہیں۔ اپنے اداروں اور صنعتوں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنا کر ہم جدت، ہنر مندی کی ترقی اور پائیدار معاشی ترقی کو فروغ دیتے ہوئے افرادی قوت سے متعلق چیلنجوں کا حل نکال سکتے ہیں۔ اس گفتگو میں دونوں ممالک کے اداروں اور صنعتی حلقوں کے شراکت داروں کے درمیان قریبی تعاون کے امکانات پر بھی روشنی ڈالی گئی، تاکہ مہارت کے معیارات کو ابھرتی ہوئی عالمی ضروریات کے مطابق بنایا جا سکے۔ فریقین نے پیشہ وارانہ اہلیتوں کی آسان منظوری کو یقینی بنانے اور ان شعبوں میں جہاں افرادی قوت کی کمی ہے وہاں ہنر مند پیشہ ور افراد کی نقل و حرکت کو فروغ دینے والے نظام تلاش کرنے میں دلچسپی ظاہر کی۔

## نتیش کمار اور پانچ دیگر این ڈی اے امیدواروں
## نے راجیہ سبھا انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کیا

پٹنہ، 5 مارچ (یو این آئی) : (بہار کے وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار سمیت قومی جمہوری اتحاد (این ڈی اے) کی جانب سے پانچ امیدواروں نے جمعرات کے روز راجیہ سبھا کے انتخابات کے لیے نامزدگی کے کاغذات داخل کیے۔ این ڈی اے کی طرف سے جنتا دل یونائیٹڈ کے قومی صدر اور وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار، موجودہ راجیہ سبھا رکن رام ناتھ ٹھاکر، بی جے پی کے قومی صدر نتن نبین، شیو کمار اور راشٹریہ لوک مورچہ کے قومی صدر اپیندر کشواہا نے اپنے نامزدگی کے کاغذات جمع کرائے۔ وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار اور دیگر این ڈی اے امیدوار مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور دیگر رہنماؤں کے ساتھ بہار اسمبلی پہنچے، جہاں ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد انہوں نے راجیہ سبھا کے لیے نامزدگی داخل کی۔ واضح رہے کہ بہار سے راجیہ سبھا کی پانچ نشستیں خالی ہو رہی ہیں۔ ان میں سے دو نشستیں جنتا دل یونائیٹڈ اور دو راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کی ہیں جبکہ ایک نشست نیشنل پیپلز فرنٹ کی ہے۔ مرکزی وزیر رام ناتھ ٹھاکر اور راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش جنتا دل یونائیٹڈ کے موجودہ اراکین ہیں جبکہ امریندر دھاری سنگھ اور پریم چند گپتا آر جے ڈی سے تعلق رکھتے ہیں۔ نیشنل پیپلز فرنٹ کے صدر اپیندر کشواہا بھی موجودہ رکن ہیں جن کی مدتِ کار اپریل میں مکمل ہو جائے گی۔ ان پانچوں اراکین کی مدت آئندہ ماہ ختم ہو رہی ہے جس کے باعث ان نشستوں پر راجیہ سبھا کے انتخابات منعقد کیے جا رہے ہیں۔

## نوجوان ڈاکٹروں کی عزت افزائی نظام صحت کو بہتر کرے گی: جتیندر سنگھ

نئی دہلی، 5 مارچ (یو این آئی) مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے یہاں جمعرات کے روز کہا کہ نوجوان ڈاکٹروں کی عزت افزائی صحت خدمات کے مستقبل کو مضبوط بنائے گی۔ مسٹر سنگھ نے یہ بات ملک بھر کے 26 نوجوان طبی ماہرین کے لیے منعقدہ ایک اعزازی تقریب میں کہی، جنہوں نے طب کے مختلف شعبوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ان طبی ماہرین نے آنکولوجی (کینسر کے ماہر)، پیڈیاٹرکس (اطفال طب)، اینڈوکرینولوجی (ہارمون توازن)، آرتھوپیڈکس (ہڈیوں کے امراض) اور ایمرجنسی میڈیسن جیسے کئی خصوصی شعبوں میں قابلِ ذکر کام کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر تقریب کے منتظم ادارے کی تعریف کی اور کہا کہ ان طبی ماہرین کو ان کے کریئر کے ابتدائی مرحلے میں اعزاز دینا میرے لیے نہایت اہم ہے انہوں نے کہا کہ کریئر کے آغاز میں اعزاز ملنا نہ صرف ان کی کارکردگی کا اعتراف ہے، بلکہ آئندہ بہتر کارکردگی کے لیے حوصلہ افزائی بھی ہے۔ مسٹر سنگھ نے کہا کہ نوجوان ڈاکٹروں کو ابتدائی مرحلے میں حوصلہ دینا ملک کی صحت کی خدمات کے مستقبل کو مضبوط بنانے کے لیے بھی ضروری ہے۔ اس سے طبی ماہرین کو اعلیٰ معیار حاصل کرنے اور تیزی سے بدلتی طبی دنیا کے مطابق اپنے علم کو مسلسل تازہ (اپ ڈیٹ) رکھنے کی ترغیب ملتی ہے۔



مسٹر سنگھ نے اس بات پر اطمینان ظاہر کیا کہ اس تقریب میں بڑی تعداد میں نوجوان ڈاکٹروں کو اعزاز سے نوازا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صلاحیت کو بروقت پہچاننا نہ صرف اعتماد میں اضافہ کرتا ہے، بلکہ نوجوان ڈاکٹروں کو معاشرے کی خدمت کے لیے مزید لگن کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب بھی دیتا ہے۔ مسٹر سنگھ نے صحت کے شعبے میں تیزی سے ہو رہی تبدیلیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دنیائے طب اس وقت نئی ٹیکنالوجیوں اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی وجہ سے تبدیلی کے ایک بڑے دور سے گزر رہی ہے۔

## امریکہ، اسرائیل مغربی ایشیا کو غیر مستحکم کر رہے ہیں: فتح علی
## صہیونی حکومت پورے خطے کو تباہ اور بے امن کرنا چاہتی ہے

نئی دہلی، 5 مارچ (یو این آئی) ہندوستان میں ایران کے سفیر محمد فتح علی نے جمعرات کے روز امریکہ اور اسرائیل پر مغربی ایشیا کے خطے کو غیر مستحکم کرنے اور مذاکرات کے دوران جنگ بھڑکانے کا الزام لگایا۔ ایرانی سفیر کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے، جب ایران اور امریکہ-اسرائیل اتحاد کے درمیان کشیدگی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ حال ہی میں بحرِ ہند میں ایرانی بحریہ کے فریگیٹ آئیریس ڈینا کے ڈوبنے کے واقعے کو ایران نے سمندر میں کیا گیا ظلم' قرار دیا ہے۔ انہوں نے یہاں صحافیوں سے گفتگو کے دوران امریکہ اور اسرائیل کو اس تنازع کے لئے ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک ایران کی تزویراتی اور جغرافیائی حیثیت سے بخوبی واقف ہیں۔ انہوں نے اسرائیل کو صہیونی حکومت' قرار دیتے ہوئے الزام لگایا کہ اس کا مقصد پورے مغربی ایشیا کے خطے کو غیر مستحکم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ ایران کہاں ہے اور اس کی حیثیت کیا ہے، لیکن بدقسمتی سے صہیونی حکومت پورے خطے کو تباہ اور بے امن کرنا چاہتی ہے۔ ایران اپنے پڑوسیوں پر حملہ نہیں کرتا، لیکن وہ اپنے ٹھکانے فراہم کرتے ہیں۔ ہم نے اپنے پڑوسی ممالک کو پہلے ہی اطلاع دے دی تھی کہ ہم امریکہ کے ٹھکانوں کو نشانہ بنائیں گے۔ ہندوستان کے ساتھ کسی قسم کی سفارتی بات چیت کے سوال پر انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر فی الحال ایران اور ہندوستان کے درمیان کوئی گفتگو یا پیغام کا تبادلہ نہیں ہوا ہے۔ آبنائے ہرمز کے حوالے سے پیدا ہونے والی تشویش پر مسٹر فتح علی نے کہا کہ ایران جنگ نہیں چاہتا، لیکن امریکہ اور اسرائیل نے پہلے حملہ کیا ہے اور ایران اس کا جواب دے گا۔ اسرائیلی حملوں میں ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی موت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران نے ایک عظیم رہنما اور رہبر' کو کھو دیا ہے، جو ہمیشہ صحیح موقف پر قائم رہنے کا مشورہ دیتے تھے۔ اس دوران ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی آئیریس ڈینا پر ہونے والے حملے کی سخت مذمت کی ہے انہوں نے ایکس پر کہا کہ یہ جہاز ہندوستانی بحریہ کا مہمان' تھا اور ایران واپس جاتے وقت بحرِ ہند میں اس پر بغیر کسی وارننگ کے حملہ کیا گیا۔

## کانگریس نے راجیہ سبھا انتخابات کے لیے چھ امیدواروں
## کے ناموں کا اعلان کیا، تلنگانہ سے ابھیشیک منو سنگھوی

نئی دہلی، 5 مارچ (یو این آئی) انڈین نیشنل کانگریس نے راجیہ سبھا انتخابات کے لیے چھ امیدواروں کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔ اس کے مطابق پارٹی کے سینئر رہنما اور معروف وکیل ابھیشیک منو سنگھوی کو تلنگانہ سے امیدوار بنایا گیا ہے۔ پارٹی کے جنرل سکریٹری کے سی وینوگوپال کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ کانگریس صدر ملیکارجن کھڑگے نے چھتیس گڑھ، ہریانہ، ہماچل پردیش، تمل ناڈو اور تلنگانہ سے امیدواروں کے ناموں کی منظوری دی ہے۔ اعلامیے کے مطابق چھتیس گڑھ سے پھولو دیوی نیتام، ہریانہ سے کرم ویر سنگھ بودھ، ہماچل پردیش سے انوراگ شرما، تمل ناڈو سے ایم کرسٹوفر تلک، جبکہ تلنگانہ سے ابھیشیک منو سنگھوی اور ویم نریندر ریڈی کو امیدوار نامزد کیا گیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق مختلف ریاستوں میں تنظیمی توازن اور سماجی نمائندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ان امیدواروں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

## ایئر انڈیا کی پروازیں ممنوعہ فضائی علاقے سے نہیں گزر رہی ہیں

نئی دہلی، 05 مارچ (یو این آئی) ٹاٹا گروپ کی ایئر لائن کمپنی ایئر انڈیا نے جمعرات کو واضح کیا کہ اس کی پروازیں مغربی ایشیا میں ممنوعہ فضائی علاقے کے اوپر سے نہیں گزر رہیں۔ ایئر لائن نے آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ "ایئر انڈیا ممنوعہ فضائی علاقوں میں پروازوں کا آپریشن نہیں کر رہی ہے۔" اس نے مزید کہا کہ لمحہ بہ لمحہ خفیہ معلومات، عالمی مشاورت اور مسلسل نگرانی کی بنیاد پر پروازوں کا راستہ طے کیا جا رہا ہے تا کہ ہر سفر محفوظ، قواعد کے مطابق اور قابلِ اعتماد ہو۔ ایئر لائن نے سوشل میڈیا پر چل رہی ان خبروں کی تردید کرتے ہوئے یہ پوسٹ کیا ہے جن میں کہا گیا تھا کہ ایئر انڈیا کی جرمنی کے فرینکفرٹ سے دہلی آنے والی پرواز AI2030 ممنوعہ فضائی علاقوں کے اوپر سے گزری ہے۔ کمپنی نے ان خبروں کو غلط قرار دیتے ہوئے اس پرواز کے اصل راستے کا گراف بھی شیئر کیا ہے۔

## ایئر انڈیا اور آکاسا جدہ کے لیے
## پروازوں کا سلسلہ شروع کرنے جا رہی ہے

نئی دہلی، 5 مارچ (یو این آئی) ہندوستانی فضائی کمپنیوں ایئر انڈیا اور آکاسا سعودی عرب کے شہر جدہ کے لیے جمعرات سے باقاعدہ پروازیں شروع کر رہی ہیں۔ گزشتہ 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے مشترکہ فوجی کارروائی میں ایران پر حملے کے بعد ہندوستانی فضائی کمپنیوں نے مغربی ایشیا کے لیے اور اس خطے سے گزرنے والی تمام پروازیں منسوخ کر دی تھیں۔ عمان کے دارالحکومت مسقط کے بعد جدہ مغربی ایشیا کا دوسرا شہر ہے، جس کے لیے باقاعدہ پروازیں دوبارہ شروع کی گئی ہیں۔ تاہم دو مارچ کے بعد سے ہی خصوصی پروازوں کا آپریشن شروع کر دیا گیا تھا۔ نئی فضائی کمپنی آکاسا نے آج سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ ممبئی سے جدہ کی پرواز کیو پی 561 شام 7 بج کر 20 منٹ پر روانہ ہوگی۔ واپسی کی پرواز کیو پی 562 مقامی وقت کے مطابق رات 11 بج کر 55 منٹ پر وہاں سے روانہ ہوگی۔ اس نے بتایا کہ ابوظہبی، دوحہ، ریاض اور کویت کے لیے اس کی پروازیں سات مارچ تک منسوخ رہیں گی۔ ٹاٹا گروپ کی ایئر انڈیا نے بھی پانچ مارچ سے دہلی اور جدہ کے درمیان ایک اور ممبئی اور جدہ کے درمیان دو باقاعدہ پروازیں شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایئر انڈیا کی ذیلی کمپنی ایئر انڈیا ایکسپریس نے تین مارچ سے ہی دہلی، کوچی، کوژیکوڈ، مینگلور، ممبئی اور تروچیراپلی سے مسقط کے لیے باقاعدہ پروازیں شروع کر دی تھیں۔ تاہم بحرین، کویت، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے لیے اس کی پروازیں ابھی بھی منسوخ ہیں۔ اس کے علاوہ ایئر انڈیا، ایئر انڈیا ایکسپریس، انڈگو اور اسپائس جیٹ مغربی ایشیائی ممالک میں پھنسے مسافروں کو نکالنے کے لیے خصوصی پروازیں بھی چلا رہی ہیں۔

## بھارت کی صاف توانائی منتقلی کیلئے
## ایشیائی ترقیاتی بینک کی 1.2 ارب ڈالر کی معاونت

نئی دہلی/ 5 فروری/ ایم این این/ ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB)) نے اعلان کیا ہے کہ وہ 2026 کے دوران بھارت کو تقریباً 1.2 ارب ڈالر کے قرضے فراہم کرے گا تاکہ ملک میں صاف توانائی کی منتقلی، ماحولیاتی پائیداری اور سبز بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ رقم گزشتہ سال کے برابر ہے اور اس کا مقصد بھارت کی قابلِ تجدید توانائی اور موسمیاتی مزاحمت کی صلاحیت کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ سرمایہ کاری مختلف شعبوں پر مشتمل ہوگی جن میں قابلِ تجدید توانائی، برقی ٹرانسپورٹ، گرین ہائیڈروجن اور بجلی کی ترسیل کے نظام میں اصلاحات شامل ہیں۔ ایشیائی ترقیاتی بینک اس کے ساتھ ساتھ پالیسی سازی اور ادارہ جاتی صلاحیت کو مضبوط بنانے کے لیے تکنیکی معاونت بھی فراہم کرے گا۔ اے ڈی بی کی انرجی سیکٹر آفس کی ڈائریکٹر سجاتا گپتا کے مطابق بینک بھارت کی صاف توانائی منتقلی میں تعاون کو تیز کر رہا ہے اور مرکزی و ریاستی سطح کے متعدد منصوبوں کی حمایت کر رہا ہے جو قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت بڑھانے اور نیٹ زیرو اہداف کے حصول میں مددگار ثابت ہوں گے۔ ان منصوبوں میں پی ایم سوریہ گھر؟ مفت بجلی یوجنا جیسے پروگرام بھی شامل ہیں جو گھروں میں چھتوں پر سولر پینلز نصب کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت دسمبر 2025 تک ملک بھر میں 20 لاکھ سے زائد سولر سسٹمز نصب کیے جا چکے ہیں جس سے لاکھوں گھرانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ اس کے علاوہ اے ڈی بی زرعی شعبے میں شمسی توانائی کے استعمال کو بڑھانے، بجلی کی تقسیم کے نظام کو مضبوط بنانے اور گرین اسکلز پروگرام کے ذریعے خصوصاً خواتین اور کمزور طبقات کو قابلِ تجدید توانائی کے شعبے میں تربیت دینے پر بھی کام کر رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ اقدامات نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کریں گے بلکہ بھارت کی توانائی منتقلی کو زیادہ پائیدار اور جامع بنانے میں مدد دیں گے۔ ماہرین کے مطابق یہ اقدامات نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کریں گے بلکہ بھارت کی توانائی منتقلی کو زیادہ پائیدار اور جامع بنانے میں مدد دیں گے۔

## شیش ناگ- 150 بھارت کا نیا دیسی خودکش ڈرون منصوبہ

نئی دہلی/ 5 مارچ/ ایم این این/ بھارت جدید جنگی ٹیکنالوجی کے میدان میں پیش رفت کرتے ہوئے ایک مقامی طور پر تیار کردہ شیش ناگ- 150 نامی طویل فاصلے تک مار کرنے والے خودکش ڈرون کی تیاری پر خاموشی سے کام کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ ڈرون اس وقت ترقی اور آزمائشی مراحل میں ہے اور اسے جدید جنگی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا جا رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق شیش ناگ- 150 ایک طویل فاصلے تک مار کرنے والا سوارم اٹیک ڈرون ہے، جس میں بیک وقت کئی ڈرونز کو ایک جھنڈ کی صورت میں ہدف کی طرف بھیجا جاتا ہے تا کہ وہ اجتماعی طور پر حملہ کر کے ہدف کو تباہ کر سکیں۔ اس ڈرون کو بنگلورو میں قائم دفاعی اسٹارٹ اپ نیو اسپیس ریسرچ ٹیکنالوجیز (NRT)) تیار کر رہا ہے اور اس کی پہلی آزمائشی پرواز تقریباً ایک سال قبل کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق اس ڈرون کی تیاری ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب عالمی سطح پر کم لاگت مگر موثر لوئٹرنگ میونیشن یا خودکش ڈرونز کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ حالیہ مشرقِ وسطیٰ کشیدگی میں ایران کے شہید ڈرونز اور امریکہ کے LUCAS ڈرونز نے جدید جنگ میں ان ہتھیاروں کی اہمیت کو نمایاں کیا ہے۔

## طویل مدتی پائیداری کے لیے متوازن ہندوستان- جاپان تجارت کلید- کامرس سکریٹری

نئی دہلی/ 5 مارچ/ ایم این این/ حکومت نے بدھ کو کہا کہ جاپان میں دواسازی، ٹیکسٹائل، زراعت اور خدمات جیسے شعبوں میں ہندوستان کے پاس برآمدات کی نمایاں صلاحیت ہے اور طویل مدتی پائیداری کے لیے زیادہ متوازن باہمی تجارتی تعلقات کا حصول بہت ضروری ہے۔ کامرس سکریٹری راجیش اگروال نے 2 مارچ کو ہندوستان- جاپان جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے (سی ای پی اے) کے تحت مشترکہ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کے لیے ٹوکیو کے اپنے دورے کے دوران اس مسئلے کو اجاگر کیا۔ وزارت اقتصادیات، تجارت اور صنعت کے جاپانی نائب وزیر کے ساتھ بات چیت کے دوران، اگروال نے دوطرفہ تجارت شامل ہے۔

## ایچ کے دُوا رخصت ہوئے: ایک صحافی جس نے ہمیشہ 'رپورٹر' کے جذبے کو زندہ رکھا

نئی دہلی، 5 مارچ (یو این آئی) ہندوستان کے مایہ ناز صحافی، سفارت کار اور سابق رکن پارلیمنٹ ایچ کے دُوا بدھ کے روز 88 برس کی عمر میں مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ جمعرات کو دارالحکومت نئی دہلی میں ان کی آخری رسومات ادا کی گئیں، جس میں صحافت، سیاست اور سماجی حلقوں کی نامور شخصیات نے شرکت کی۔ دُوا صاحب' کے نام سے مشہور ایچ کے دُوا کو ان کے ساتھی ایک ایسے مدیر کے طور پر یاد کرتے ہیں جو عہدوں کی بلندیوں پر پہنچ کر بھی دل سے ہمیشہ ایک متجسس رپورٹر رہے۔ ایچ کے دُوا کو ہندوستانی صحافت میں یہ منفرد اعزاز حاصل تھا کہ انہوں نے ملک کے چار ممتاز ترین انگریزی اخبارات کی قیادت کی: ہندوستان ٹائمز (1987-94) دی انڈین ایکسپریس ((1994-96 دی ٹائمز آف انڈیا (بطور ایڈیٹوریل ایڈوائزر (1997-98) دی ٹریبیون ((2003-09 انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز یونائیٹڈ نیوز آف انڈیا (یو این آئی) سے کیا اور عالمی رہنماؤں بشمول مارگریٹ تھیچر، لی پینگ اور یتزاک رابن کے یادگار انٹرویوز کیے۔ ان کی زندگی کا ایک مشہور واقعہ ان کے صحافتی مزاج کی عکاسی کرتا ہے۔ سینئر صحافی مہندر وید کے مطابق، ایک بار دُوا صاحب اپنے اسکوٹر پر جا رہے تھے کہ انہوں نے دیکھا کہ اس وقت کے نوجوان اپوزیشن لیڈر اٹل بہاری واجپائی سڑک کنارے ٹیکسی کے انتظار میں کھڑے ہیں۔ دُوا صاحب نے انہیں اپنے اسکوٹر پر لفٹ دی اور پریس کانفرنس تک پہنچایا۔ اس سادہ سی ہمدردی نے ایک رپورٹر اور ہندوستان کے مستقبل کے عظیم مدبر کے درمیان عمر بھر کی دوستی کی بنیاد رکھ دی۔ ایچ کے دُوا کی خدمات صرف صحافت تک محدود نہ تھیں۔ وہ سابق وزرائے اعظم ایچ ڈی دیوے گوڑا اور اٹل بہاری واجپائی کے میڈیا ایڈوائزر رہے، ڈنمارک میں ہندوستان کے سفیر کے طور پر خدمات انجام دیں اور 2009 میں ڈاکٹر منموہن سنگھ کی حکومت نے انہیں راجیہ سبھا کے لیے نامزد آخری رسومات میں ٹی این نینن، راجدیپ سردیسائی، این این ووہرا اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کر کے ان کی اہلیہ ادیتی دوا سے تعزیت کی۔

## ہندوستان نے بین الاقوامی برادری سے داعش،
## القاعدہ کے خلاف مل کر کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا

اقوام متحدہ/ 5 مارچ/ ایم این این/ ہندوستان نے بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ آئی ایس آئی ایس اور القاعدہ اور ان کے پراکسیوں کے خلاف مل کر کام کرے، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ دہشت گردی بین الاقوامی امن اور سلامتی کے لیے ایک وجود خطرہ" ہے۔ اقوام متحدہ میں ہندوستان کے مستقل مشن میں فرسٹ سکریٹری راگھو پوری نے بدھ کو کہا، "دہشت گردی بین الاقوامی امن اور سلامتی کے لیے ایک وجودی خطرہ ہے۔ یہ کوئی سرحد، قومیت یا نسل نہیں جانتا، اور یہ ایک چیلنج ہے جس کا عالمی برادری کو اجتماعی طور پر مقابلہ کرنا چاہیے۔ اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسداد دہشت گردی کے رکن ممالک کو سالانہ سفیر سطح کی بریفنگ میں، پوری نے جموں اور کشمیر کے پہلگام میں اپریل 2025 کے دہشت گردانہ حملے کو یاد کیا، جو کہ پاکستان میں قائم لشکر طیبہ کی پراکسی، اقوام متحدہ کی فہرست میں شامل دہشت گرد تنظیم مزاحمتی محاذ کے ذریعہ کیا گیا تھا۔ دہشت گردانہ حملے میں 26 سیاحوں کی جانیں گئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں داعش اور القاعدہ اور ان کے پراکسیوں کے خلاف مل کر کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک ایسے ملک کے طور پر جو خود گزشتہ تقریباً تین دہائیوں سے سرحد پار دہشت گردی کا شکار رہا ہے، "ہندوستان دہشت گردی کی سماجی، اقتصادی اور انسانی قیمت سے بخوبی واقف ہے، خاص طور پر اپنے متاثرین کے لیے۔ ہندوستان نے کثیر الجہتی تعاون کے لیے ایک مرکزی آلے کے طور پر عالمی انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے اپنی آواز شامل کی۔ پوری نے کہا کہ ہندوستان ثابت قدم رہے گا اور جی سی ٹی ایس کے 9 ویں جائزے کے لیے مشاورت میں مصروف رہے گا، اس عمل میں بات چیت کے دوران شریک سہولت کار فن لینڈ اور مراکش کو مکمل تعاون کا یقین دلائے گا۔

## پانچ لاکھ کا انعامی ماؤنواز ڈی آر جی کے جوانوں کے انکاؤنٹر میں ہلاک

دنتیواڑہ، 5 مارچ (یو این آئی) چھتیس گڑھ کے دنتیواڑہ اور بیجاپور ضلع کی سرحد سے متصل جنگلاتی اور پہاڑی علاقے میں پولیس اور ماؤنوازوں کے درمیان ہوئی مڈبھیڑ میں ایک ماؤنواز مارا گیا ہے۔ مڈبھیڑ کے مقام سے بڑی مقدار میں خودکار ہتھیار اور دیگر سامان برآمد کیا گیا ہے۔ مارے گئے ماؤنواز کی شناخت خودسپردگی کر چکے ایک ماؤنواز نے کی ہے۔ مہلوک ماؤنواز ایریا کمیٹی کا رکن تھا، جس پر پانچ لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ پولیس نے جمعرات کے روز یہ معلومات دی۔ پولیس کے مطابق یہ مڈبھیڑ بدھ کی رات تقریباً 8:30 سے 9:00 بجے کے درمیان تھانہ گیدم علاقے کے تحت گاؤں گملنار، گرساپارہ اور نلکوڑا کے درمیان جنگلاتی اور پہاڑی علاقے میں ہوئی۔ پولیس کو نکسلی اور ہتھیاروں کے ذخیرے کی معتبر اطلاع ملی تھی، جس کے بعد پولیس سپرنٹنڈنٹ دنتیواڑہ کی ہدایت پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (نکسل آپریشن) راہل کمار اوئیکے کی قیادت میں ڈی آر جی اور بستر فائٹرز کے جوانوں کو روانہ کیا گیا تھا۔ کل دوپہر 12:30 بجے پولیس فورس نے ممکنہ مقام کی طرف رخ کیا اور جنگلاتی و پہاڑی علاقے میں سخت تلاشی اور گھیرابندی شروع کر دی تھی۔ رات 8:30 سے 9:00 بجے کے درمیان پہلے سے گھات لگائے بیٹھے بھیرم گڑھ ایریا کمیٹی کے آٹھ سے دس مسلح ماؤوادیوں نے پولیس پارٹی پر حملہ کر دیا۔ ماؤنوازوں کا ارادہ پولیس اہلکاروں کو قتل کر کے ہتھیار لوٹنے کا تھا۔ انہوں نے غیر قانونی خودکار ہتھیاروں سے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس کی مؤثر کارروائی کے سامنے ماؤنواز کمزور پڑ گئے اور گھنے جنگل، پہاڑی علاقے اور اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہو گئے۔ مڈبھیڑ کے بعد تلاش مہم چلائی گئی۔ مڈبھیڑ کے مقام کی باریکی سے تلاشی لینے پر ایک مسلح ماؤنواز کی لاش برآمد ہوئی۔ متوفی کی شناخت ایک خودسپرد کیڈر کے ذریعے راجیش پنیم کے طور پر کی گئی ہے۔ راجیش پنیم بھیرم گڑھ ایریا کمیٹی کا سرگرم رکن تھا اور اس پر حکومت کی طرف سے پانچ لاکھ روپے کا انعام مقرر تھا۔ وہ اصل میں گاؤں برجئی، تھانہ گنگالور، ضلع بیجاپور کا رہنے والا تھا۔

# عمان میں ہندوستانی سفارت خانہ کا ہندوستانی شہریوں کے لئے ویزا ایڈوائزری جاری

مسقط، 5مارچ (ایجنسیز) عمان میں ہندوستانی سفارت خانے نے جمعرات کو ملک کا سفر کرنے والے ہندوستانی شہریوں کے لئے ویزا ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے کہا کہ مسافروں کے لئے آنے سے پہلے وزٹ یا سیاحتی ویزا' حاصل کرنا لازمی ہے۔ سفارت خانے نے ایک بیان میں کہا، "مسافروں کو رائل عمان پولیس کی ویب سائٹ پر یا مجاز ٹریول ایجنٹس کے ذریعے ای ویزا کے لیے پہلے سے درخواست دینی چاہیے۔" آمد پر ویزا ہندوستانی شہریوں کے لیے بھی دستیاب ہے جن کے پاس ریاستہائے متحدہ، برطانیہ، کینیڈا، جاپان، یا شینگن ایریا کے لیے درست ویزا یا رہائشی اجازت نامہ ہے۔ ایسے مسافر 14 دن تک داخل ہوسکتے ہیں، بشرطیکہ ان کے پاس واپسی کا ٹکٹ، ہوٹل کی بکنگ، اورہیلتھ انشورنس ہو۔ مشاورت میں کہا گیا کہ خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے ممالک بحرین، کویت، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں مقیم ہندوستانی شہری اور درست ریذیڈنٹ کارڈ' رکھنے والے بھی ویزا آن ارائیول' کے اہل ہیں۔ تاہم سفارت خانے نے واضح کیا کہ جی سی سی ممالک کے طلباء کے رہائشی کارڈ ہولڈرز کو عمان میں داخل ہونے سے پہلے وزٹ ویزا حاصل کرنا ضروری ہے۔ مسافروں کو یہ بھی مشورہ دیا جاتا ہے کہ ویزا کے لیے درخواست دیتے وقت ان کے پاسپورٹ کم ازکم چھ ماہ کے لیے کارآمد ہوں۔

# امریکہ اور اسرائیل کی ایران میں فوجی مہم میں مصنوعی ذہانت کا کلیدی کردار

واشنگٹن، تل ابیب، 5مارچ (یو این آئی) امریکہ اور اسرائیل کی ایران میں فوجی مہم میں مصنوعی ذہانت نے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ کے مطابق پہلے 24 گھنٹوں میں ایک ہزار اہداف پر حملوں میں اے آئی نظام کی مدد حاصل کی گئی، امریکی فوج نے جنگ میں جدید ترین اے آئی ٹیکنالوجی استعمال کی۔ امریکی اخبار کا کہنا ہے کہ جنگی استعمال کی شرائط پر کمپنی اور امریکی حکومت کے درمیان سخت مذاکرات ہوئے ہیں، اے آئی ٹیکنالوجی عسکری فیصلوں میں مرکزی حیثیت اختیار کرگئی ہے، ایران پر ممکنہ حملے سے پہلے اے آئی نے سیکڑوں اہداف تجویز کیے۔ واشنگٹن پوسٹ نے کہا کہ مصنوعی ذہانت نے ہفتوں کی جنگی منصوبہ بندی کو لمحوں میں بدل دیا، یہی اے آئی ٹیکنالوجی دہشت گردی کے منصوبے ناکام بنانے میں بھی استعمال ہوئی، وینزوئیلا کے صدر کو پکڑنے والے آپریشن میں بھی اے آئی کی مدد شامل تھی۔ امریکی اخبار کا کہنا ہے کہ فوج اور متعلقہ کمپنی کے درمیان خود کار ہتھیاروں اور نگرانی کے اختیار پر تنازع ہے، متبادل نظام آنے تک امریکی فوج موجودہ اے آئی ٹیکنالوجی استعمال کرتی رہے گی، امریکی کمانڈرز جنگی کارروائیوں میں اے آئی پر تیزی سے انحصار کرنے لگے ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کا کہنا ہے کہ کسی کمپنی کے فیصلے سے امریکی فوجیوں کی جان خطرے میں نہیں ڈالیں گے، اے آئی جنگی اہداف کی نشاندہی مشینی رفتار سے کرسکتی ہے، ناٹو سمیت عالمی فوجیں بھی اسی طرز کے اے آئی نظام اپنا رہی ہیں۔

# ایران پر امریکی حملے کے خلاف احتجاج پر سابق امریکی فوجی کو ہال سے باہر نکال دیا گیا

واشنگٹن، 5مارچ (ایجنسیز) امریکہ میں ایران کے خلاف فوجی کارروائی کے معاملے پر سینیٹ کی سماعت کے دوران احتجاج کرنے والے ایک سابق میرین اہلکار کو زبردستی کمرہ اجلاس سے باہر نکال دیا گیا۔ امریکی سینیٹ کی آرمڈ سروسز سب کمیٹی کی سماعت کے دوران ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کے معاملے پر احتجاج کرنے والے سابق امریکی میرین کور کے اہلکار کو زبردستی کمرہ اجلاس سے باہر نکال دیا گیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ سابق میرین برائن اور شمالی کیرولائنا سے گرین پارٹی کے ٹکٹ پر امریکی سینیٹ کی نشست کے امیدوار میگلینس نے سماعت کے دوران کھڑے ہوکر نعرے لگا رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی اسرائیل کے لیے لڑنا نہیں چاہتا اور اسرائیل اس جنگ کی وجہ ہے، امریکہ اسرائیل کے لیے یہ جنگ نہیں لڑنا چاہتا، اس احتجاج پر متعدد کیپیٹل پولیس افسران نے فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے انہیں پکڑ کر کمرے سے باہر لے جانے کی کوشش کی۔ ویڈیو میں مونٹانا کے ریپبلکن سینیٹر ٹم شیہی، جو خود بھی سابق فوجی ہیں، کو کیپیٹل پولیس کی مدد کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ وہ برائن میگلینس کو اٹھا کر باہر لے جانے میں شریک نظر آرہے ہیں۔ اس دوران جھڑپ کے نتیجے میں برائن میگلینس کے بازو میں چوٹ آئی اور وہ زخمی ہوگئے، جبکہ تین کیپیٹل پولیس افسران کو بھی زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ رپورٹ کے مطابق میگلینس کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور ان پر پولیس افسران پر حملہ، گرفتاری کی مزاحمت اور غیر قانونی مظاہرے کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ سینیٹر ٹم شیہی نے بعد میں بیان میں کہا کہ انہوں نے صورتحال کو پرسکون کرنے اور ڈی ایسکلیٹ کرنے کے لیے پولیس کی مدد کی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ شخص جھگڑا کرنے آیا تھا۔ یہ واقعہ 4 مارچ 2026 کو پیش آیا جب سینیٹ کی سماعت میں ایران کے خلاف فوجی تیاریوں پر بات چیت جاری تھی۔

# امریکی شہریوں کی اکثریت کی ایران پر حملوں کی مخالفت

واشنگٹن، 5مارچ (یو این آئی) نیوز اور ریسرچ ایجنسیوں کے ایک سروے میں امریکی شہریوں کی اکثریت نے ایران پر حملوں کی مخالفت کردی ہے۔ اسرائیل اور امریکہ کے ایران پر حملوں کے خلاف خود امریکی عوام آواز اٹھا رہے ہیں۔ روئٹرز، سی این این اور آئی پی ایس او ایس ریسرچ ایجنسی کے سروے میں امریکی شہریوں کی اکثریت نے ایران پر حملوں کی مخالفت کر دی۔ ریسرچ ایجنسی سروے کے مطابق صرف ایک چوتھائی امریکیوں نے ایران پر امریکہ اور اسرائیلی حملوں کی حمایت کی۔ 43 فیصد امریکی شہریوں نے ایران پر حملے کی کھل کر مخالفت کی۔ اس سروے میں 1200 سے زائد امریکی شہریوں سے ایران پر حملوں سے متعلق رائے لی گئی۔ سی این این کے سروے میں تقریباً 60 فیصد امریکیوں نے ایران پر حملوں کو مسترد کیا۔ امریکی شہریوں کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کے پاس کوئی واضح حکمت عملی نہیں ہے۔ سروے میں 39 فیصد امریکی شہریوں نے کہا کہ فوجی اقدام سے پہلے سفارتی کوششیں ناکافی تھیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق ڈیموکریٹس اور آزاد ووٹرز کی اکثریت بھی حملوں کے خلاف نکلی۔ رپورٹ کے مطابق 82 فیصد ڈیموکریٹس اور 68 فیصد آزاد امیدواروں نے اس جنگ کی مخالفت کی جب کہ صدر ٹرمپ کی جماعت ریپبلکن کے 23 فیصد ووٹرز نے بھی ایران پر حملوں کا ناپسند کیا۔

# امارات میں اسکولوں میں 9 مارچ سے تعطیلات کا آغاز

دبئی، 5مارچ (ایجنسیز) متحدہ عرب امارات میں سرکاری اور نجی اسکولوں میں 9 مارچ سے تعطیلات کا اعلان کردیا گیا، جو 22 مارچ تک جاری رہیں گی۔ تفصیلات کے مطابق متحدہ عرب امارات کی حکومت نے ملک کی موجودہ صورتحال اور علاقائی سلامتی کے پیشِ نظر تمام اسکولوں اور جامعات میں مقررہ وقت سے ایک ہفتہ قبل ہی اسپرنگ بریک کا اعلان کر دیا ہے۔ وزارتِ تعلیم اور وزارتِ ہائر ایجوکیشن کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ تمام سرکاری اور نجی اسکولوں میں 9 مارچ سے تعطیلات کا آغاز ہوگا، جو 22 مارچ تک جاری رہیں گی۔ یہ اہم فیصلہ ایران کی جانب سے جاری حالیہ جارحیت اور ملک میں ہنگامی صورتحال کے تناظر میں کیا گیا ہے۔ اس سے قبل حکام نے تمام تعلیمی اداروں میں 6مارچ (جمعہ) تک فاصلاتی تعلیم کی ہدایت کی تھی، تاہم اب طلبہ اس ویک اینڈ پر اپنی آن لائن کلاسز مکمل کرکے اسپرنگ بریک پر چلے جائیں گے۔ اس حوالے سے اماراتی محکمہ تعلیم نے تمام تعلیمی اداروں کو باقاعدہ ہدایات جاری کردی ہیں تاکہ تعطیلات کے فیصلے پر فوری عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ اسپرنگ بریک کا اطلاق صرف اسکولوں تک محدود نہیں ہوگا بلکہ یو اے ای کی جامعات بھی ان تعطیلات میں شامل ہوں گی۔ تمام تعلیمی اداروں میں تعلیمی سرگرمیاں اور کلاسز کا باقاعدہ آغاز پیر 23 مارچ سے دوبارہ ہوگا۔ نیشنل کرائسز اینڈ ایمرجنسی مینجمنٹ اتھارٹی کے ترجمان ڈاکٹر سیف الظاہری نے میڈیا بریفنگ میں واضح کیا کہ حکومت کی اولین ترجیح طلبہ کو ایک محفوظ اور مستحکم ماحول فراہم کرنا ہے، ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ موجودہ حالات میں بھی طلبہ کا تعلیمی سلسلہ متاثر نہ ہو، اسی لیے پہلے ریموٹ لرننگ اور اب قبل از وقت تعطیلات کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ تعلیمی سال 2025-2026 کے سرکاری کیلنڈر کے مطابق اسپرنگ بریک کا آغاز 16 مارچ سے ہونا تھا، تاہم ہنگامی حالات کے باعث اسے ایک ہفتہ پہلے کردیا گیا ہے۔

# عراق اور کیوبا میں بلیک آوٹ، امریکی شہریوں کو فوری نکلنے کی ہدایت

بغداد، 5مارچ (ایجنسیز) عراق اور کیوبا میں بجلی کی بندش سے پورے ملک میں بلیک آوٹ ہوگیا جس کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق عراقی وزارت بجلی نے بتایا ہے کہ ملک کے تمام صوبوں میں پاور گرڈ مکمل طور پر بند ہوگئے ہیں اور ایک ساتھ پورا ملک بجلی سے محروم ہوگیا ہے۔ وزارت کے مطابق کہ بجلی کی بندش کی تاحال کوئی وجہ تاحال سامنے نہیں آئی ہے البتہ تحقیقات کا آغاز کردیا ہے جب کہ ملک بھر میں ہونے والے بجلی کے تعطل کے بعد بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے لیکن اس میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔ دوسری جانب مشرق وسطیٰ میں جنگی صورتحال کے باعث اچانک پورے ملک کی بجلی بند ہونے سے عراقی عوام شدید خوفزدہ ہوگئے اور کئی افواہیں گشت کرنے لگیں۔ دوسری جانب بغداد میں واقع امریکی سفارت خانے نے عراق میں موجود تمام امریکی شہریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ جتنی جلدی ممکن ہو محفوظ طریقے سے عراق سے نکل جائیں اور جب تک وہ عراق نہ چھوڑ سکیں، تب تک کسی محفوظ جگہ پر پناہ لے لیں۔ دریں اثنا کیوبا میں بھی بجلی کے بڑے بریک ڈاون کے باعث دارالحکومت ہوانا سمیت ملک کے بیشتر علاقے تاریک ہوگئے اور معمولات زندگی مفلوج ہو گئے۔ کیوبا کے بیشتر علاقے اچانک بجلی کے بڑے بریک ڈاون کے باعث تاریکی میں ڈوب گئے جس سے دارالحکومت ہوانا سمیت ملک کے طول و عرض میں معمولات زندگی مفلوج ہوکر رہ گئے۔ شہریوں کے مطابق ہوانا میں اچانک لائٹس بجھنے سے ٹریفک جام ہوگیا، اسپتالوں اور سرکاری دفاتر میں ہنگامی جنریٹرز چلانے پڑے جبکہ متعدد علاقوں میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس بھی متاثر ہوئی۔ سرکاری بجلی فراہم کرنے والے ادارے کے مطابق یہ وسیع بلیک آوٹ اس وقت پیش آیا جب ہوانا سے تقریباً 100 کلومیٹر مشرق میں واقع انتونیو گوئٹریس تھرمو الیکٹرک پلانٹ اچانک بند ہوگیا۔ سرکاری میڈیا کا کہنا ہے کہ ملک پہلے ہی شدید ایندھن بحران کا شکار ہے جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی جانب سے تیل کی ترسیل محدود کیے جانے کے بعد صورتحال مزید پیچیدہ ہوچکی ہے۔

# دنیا کی دوسری بڑی کارگو کمپنی کا خلیجی ملکوں میں آپریشن معطل کرنے کا اعلان

دبئی، 5مارچ (یو این آئی) دنیا کی دوسری بڑی کارگو کمپنی میرسک نے خلیجی ملکوں میں آپریشن معطل کرنے کا اعلان کردیا تاہم عمان کی بندرگاہ صلالہ ' سے فی الحال آپریشنز جاری رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق دنیا کی دوسری بڑی انٹرنیشنل کارگو کمپنی میرسک نے مشرقِ وسطیٰ کی تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال کے باعث خلیجی ممالک میں اپنے آپریشنز فوری طور پر معطل کرنے کا بڑا اعلان کردیا ہے۔ کمپنی کے ترجمان نے کہا کہ متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، بحرین، کویت، قطر اور عراق کے لیے کارگو سروسز کو عارضی طور پر روک دیا گیا ہے۔ خاص طور پر سعودی عرب کی اہم بندرگاہوں دمام اور الجبیل کے لیے بھی بکنگ معطل کردی گئی ہے، جس سے خطے کی تجارتی سرگرمیوں پر گہرے اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ میرسک انتظامیہ کا کہنا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی عسکری کشیدگی اور غیر یقینی صورتحال کے باعث بحری جہازوں اور سامان کی حفاظت کو یقینی بنانا مشکل ہوگیا تھا، جس کی بنا پر نئی بکنگ روکنے کا فیصلہ کیا گیا۔ جہاں ایک طرف بڑے خلیجی ممالک میں سروسز معطل ہیں، وہیں کمپنی نے واضح کیا ہے کہ عمان کی بندرگاہ صلالہ ' سے فی الحال آپریشنز جاری رہیں گے اور وہاں سے ترسیل کا سلسلہ منقطع نہیں کیا گیا ہے۔

# ایران کی کرد جنگجوؤں کے حملوں کی خبروں کی تردید

تہران، 5مارچ (ایجنسیز) ایران اور عراقی کردستان کی علاقائی حکومت نے امریکی اور اسرائیلی میڈیا کی ان رپورٹس کی تردید کی ہے جن میں کرد عسکریت پسندوں کے ایران میں داخل ہونے کا الزام لگایا گیا ہے اور الہام کی سرحد پر مکمل سیکورٹی کی تصدیق کی گئی ہے۔ ایرانی اور عراقی کردستان کے علاقائی حکام نے امریکی اور اسرائیلی میڈیا رپورٹس کی تردید کی ہے، جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ کرد علیحدگی پسند گروپوں نے ایرانی سرزمین پر زمینی حملہ کیا ہے اور اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سرحد کے ساتھ ایسی کوئی نقل و حرکت کا پتہ نہیں چلا ہے۔ مقامی ذرائع نے المیادین کو بتایا کہ ایران کی مغربی سرحد پر مسلح کرد دھڑوں کی طرف سے حملے کے دعوے بے بنیاد ہیں، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ سرحد پار سے کوئی سرگرمی نہیں دیکھی گئی۔ اسی طرح ایران میں المیادین کے نامہ نگار نے باخبر ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے ان خبروں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ مغربی سرحدی علاقوں میں کرد مسلح گروپوں کی طرف سے کوئی حملہ نہیں ہوا ہے۔ ایرانی تسنیم نیوز ایجنسی نے ایک باخبر ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ عراق-ایران سرحد پر صوبہ الہام کی سرحدوں پر مکمل سیکورٹی موجود ہے، جس نے باشندوں کو یقین دلایا کہ فوج اور سیکورٹی فورسز ملک کی سرحدوں کی مکمل حفاظت کر رہی ہیں۔ ایک ایرانی سیکورٹی اہلکار نے قومی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے فوج اور سیکورٹی یونٹس کی تعیناتی کا حوالہ دیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ صوبہ الہام میں سرحد مکمل طور پر محفوظ" ہے۔ اپنی طرف سے، کردستان کی علاقائی حکومت نے واضح طور پر ان خبروں کی تردید کی ہے کہ کرد عسکریت پسند عراق سے ایران میں داخل ہوئے ہیں اور ان دعوؤں کو مکمل طور پر غلط قرار دیا ہے۔

# قطر، دوحہ میں امریکی سفارت خانے کے قریب رہنے والے لوگوں کو دوسری جگہ منتقل کر رہا ہے

دوحہ، 5مارچ (یو این آئی) قطر نے احتیاطی اقدام کے طور پر دوحہ میں امریکی سفارت خانے کے قریب رہنے والے لوگوں کو عارضی طور پر دوسرے مقام پر منتقل کرنا شروع کر دیا ہے۔ قطری وزارت داخلہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا، "انہیں ضروری امدادی اقدامات کے تحت مناسب رہائش فراہم کی گئی ہے۔ بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کے بعد رواں ہفتے سعودی عرب اور کویت میں امریکی سفارت خانوں پر کئی ڈرون حملے کیے گئے ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ نے امریکی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ فوری طور پر مشرق وسطیٰ سے نکل جائیں۔ امریکی حکومت متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور اردن میں اپنے شہریوں کے لیے چارٹر پروازوں کا انتظام کر رہی ہے۔ دوسری جگہوں پر پھنسے ہوئے لوگوں کو کمرشل پروازوں کے ٹکٹ بک کرنے میں مدد کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ امریکی وزارت خارجہ کے ایک اہلکار نے بتایا کہ 28 فروری سے اب تک تقریباً 17,500 امریکی شہری مغربی ایشیا سے واپس آچکے ہیں۔

# جین-زی تحریک کے بعد نیپال میں پہلی بار ووٹنگ شروع

کٹھمانڈو، 5مارچ (یو این آئی) نیپال میں جمعرات کے روز سخت سیکورٹی انتظامات کے درمیان ووٹنگ شروع ہو گئی۔ یہ انتخابات گزشتہ سال نوجوانوں کی قیادت میں ہونے والی عوامی تحریک (جنریشن-زیڈ) کے بعد پہلا قومی انتخاب ہے۔ اس تحریک کے باعث سابق وزیرِ اعظم کے پی شرما اولی کی حکومت کو اقتدار چھوڑنا پڑا تھا۔ ملک کے مختلف حصوں میں آج صبح سے ہی پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹروں کی لمبی قطاریں دیکھی گئیں۔ حکام کے مطابق پُرامن ووٹنگ کو یقینی بنانے کے لیے حساس علاقوں میں نیپال پولیس اور مسلح پولیس فورس کے اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ یہ انتخابات نیپال کے لیے ایک اہم سیاسی مرحلہ سمجھے جا رہے ہیں۔ گزشتہ سال ستمبر میں بنیادی طور پر جنریشن زیڈ (بنیادی طور پر 1997 سے 2012 کے درمیان پیدا ہونے والی نسل) اور طلبہ گروپوں کی قیادت میں وسیع پیمانے پر مظاہروں کی وجہ سے کئی ہفتوں تک تحریک جاری رہی اور بالآخر اولی حکومت کو اقتدار سے الگ ہونا پڑا۔ نیپال انڈیا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (این آئی سی سی آئی) کے صدر کے سی سنیل نے کہا کہ گزشتہ سال کے احتجاج کی بنیادی وجوہات میں معاشی جمود اور بڑھتی ہوئی بے روزگاری کے باعث نوجوانوں کی ناراضی شامل تھی۔ نیپال دنیا کے غریب ترین ممالک میں شمار ہوتا ہے اور جنوبی ایشیا میں فی کس آمدنی کے لحاظ سے نچلے درجے پر ہے۔ سرکاری اندازوں کے مطابق یہاں بے روزگاری کی شرح تقریباً 13 فیصد کے قریب ہے۔ معاشی مشکلات کے ساتھ ساتھ سیاسی طبقے میں گہری بدعنوانی اور بیرون ملک کام کرنے والے مزدوروں کی ترسیلاتِ زر پر زیادہ انحصار نے بھی صورتحال کو پیچیدہ بنا دیا ہے۔ ان انتخابات کی نگرانی سابق چیف جسٹس سشیلا کارکی کی قیادت میں قائم عبوری حکومت کررہی ہے۔ نیپال خبر کے مشاورتی مدیر کوویرا چالیسے نے کہا کہ یہ نیپال کے سب سے بہتر طریقے سے منظم اور آزادانہ انتخابات میں سے ایک معلوم ہورہا ہے۔ ووٹر براہ راست 165 ارکان کو پارلیمنٹ کے ایوان زیریں ایوان نمائندگان کے لیے منتخب کررہے ہیں۔ کل 275 سیٹوں میں سے بقیہ 110 نشستیں متناسب نمائندگی کے نظام کے تحت پارٹیوں کو ان کے ووٹ شیئر کی بنیاد پر الاٹ کی جائیں گی۔ یہ انتخابات بنیادی طور پر سہ فریقی مقابلہ سمجھے جا رہے ہیں۔ اس میں سابق ریپر بالیندر شاہ کی قیادت میں نو قائم شدہ راشٹریہ سوتنتر پارٹی (آر ایس پی)، کے پی شرما اولی کی کمیونسٹ پارٹی آف نیپال (یو ایم ایل)، کمیونسٹ پارٹی آف نیپال (ماؤسٹ سینٹر) اور گگن تھاپا کی زیر قیادت نیپالی کانگریس اہم دعویدار ہیں۔ تجزیہ کاروں کا ماننا ہے کہ ملک کی نوجوان آبادی اور گزشتہ سال کی تحریک کے پس منظر کے باعث آر ایس پی کو کچھ برتری حاصل ہوسکتی ہے۔

Government of Jammu & Kashmir

## OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER (R&B) DIVISION TANGMARG.

NOTICE INVITING E-TENDER (CIVIL WORKS)

NIT No: 144 /R&B of 2025-26 Dated:- 04 -03-2026

For and on behalf of the Lt. Governor, UT J&K, e-tenders (In single cover system) are invited on Percentage basis from approved and eligible Contractors registered with J&K Govt., CPWD, Railways sand other State/Central Governments for the following works:-

| S. No | Name of Work | Adv. Cost (Rs. In Lacs) | Cost of T/Doc.(In Rupees ) | Earnest money(In Rupees ) | Time of completion | M.H of Account | Class of Contractor | Project Authority | Tender call |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ACP Cladding and Roofing of Revenue Hut at Gulmarg | 10.00 | 600/- | 20000/- | 15 days | SSY | D/C | Distt. Dev. Commissioner Baramulla | 1st |
| 2 | Repair and Renovation of wash room of GDA Building occupied by Tehsil Office Tangmarg. | 2.43 | 200/- | 4868/- | 10 days | 3452-Non-Plan | DEE | Gulmarg Dev, Authority. | 1st |

Position Of AAA:Accorded Position of T.S:Accorded Position of funds: Assured

1. The Bidding documents Consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, Drawings, bill of quantities (B.O.Q),Set of terms and conditions of contract and other details can be viewed/downloaded from the departmental website www jktenders.gov.in as per schedule of dates given below•-

| | | |
|---|---|---|
| 1 | Date of Issue of Tender Notice | 04-03-2026 |
| 2 | Period of downloading of bidding documents | 05-03-2026 |
| 3 | Bid submission Start Date | 05-03-2026 |
| 4 | Bid Submission End Date | 11-03-2026 4:00 PM |
| 5 | Date & time of opening of Bids (Online) | 12-03-2026 11:00 AM |

3. Bids must be accompanied with cost of Tender document in shape of Treasury Challan (Dated between bid submission start date and bid submission end date) with NIT No. , Serial No. and name of work to be deposited in M.H. 0059 in favour of Executive Engineer R&B Division Tangmarg (tender inviting authority)
4. All the bidders must upload Earnest money /Bid security equal to 2% of advertised cost in the shape of CDR/FDR/BG pledged to Executive Engineer R&B Division Tangmarg (tender receiving authority) (The Date of earnest money/Bid security should be between the Bid Submission start date and Bid submission End date, otherwise bids shall be rejected).
5. The Successful bidder will have to provide performance security @ 5% of contract value in the form of CDR/FDR/BG pledged to Executive Engineer R&B Division Tangmarg (tender receiving authority) as per rule-171 (I) of GFR 2017. The earnest money/ Bid security @2% shall be released to the successful bidder only on receipt of Performance Security @ 5% of Contract value which shall be released after successful completion of DLP /maintenance period.
6. The date and time of opening of Bids shall be notified on Web Site www.jktenders.gov.in and conveyed to the bidders automatically through an e-mail message on their e-mail address. The bids of Responsive bidders shall be opened online on same Web Site in the Office of Executive Engineer R&B Division Tangmarg (tender receiving authority).
7. The earnest money/ Bid security in favour of unsuccessful bidder shall be released only after submission of original Treasury Challan.
8. The bids for the work shall remain valid for a period of 120 day s from the date of opening of Technical bids.
9. The earnest money shall be forfeited, If:-

i. Any bidder/ tenderer withdraw his bid/ tender during the period of bid validity or make any modifications in the terms and conditions of the bid.
ii. Failure of Successful bidder to furnish the required performance security within the specified time limit.
iii. Failure of Successful bidder to execute the agreement within 28 days after fixation of contract.
iv. Failure of successfully bidder to submit the performance security within the time period (as per JKPWD Engineering Manual 2020) i.e 21 Days from the issuance of latter of acceptance, after that the work will be put to fresh tenders without any notice to the contractor and the EMD will be forfeited.

10. Instruction to bidders regarding e-tendering process.

i. Bidders are advised to download bid submission manual from the "Downloads" option as well as from "Bidders Manual Kit" option on website www.jktenders.gov.in to familiarize themselves with the bid submission process.
ii. To participate in bidding process, bidders have to get' Digital Signature Certificate {DSC)'as per information Technology Act-2000. Bidders can get digital certificate from any approved Vendor.
iii. The bidders have to submit their bids online in electronic format with digital Signature. No bid will be accepted in physical form.
iv. Bids will be opened online as per time schedule mentioned in Para-1.
v. Bidders must ensure to upload scanned copy of all necessary documents with the bid.

Sd/-
Executive Engineer
R&B Division Tangmarg.

No: R&B / Divn./ Tang/8696-98 Dated: 04 -03-2026
DIPK No:-11590-25 Dated 5-3-2026

## PUBLIC NOTICE

Scorpio bearing registration No.: JK02AX 2905, Engine No. MHC4H96443, Chasis No.: MMTA2MHNC2h33099 is under seizure at Police Station Ram Munshi Bagh which is owned by Akhtar Begum (Represented by his son Naveed (Raja). The applicant/ owner is seeking release of the vehicle. If Ybody having any objection may kindly report to the Office of Tehsildar South Srinagar within 03 days. No objection will be accepted after the given time has passed.

## از دفتر نائب تحصیلدار رام باغ سرینگر

عنوان: کاغذات بردرخواست: زبیدہ دختر غلام رسول شیخ ساکنہ وزیر باغ جواہر نگر بمراد حصول پیدائش/ اموات سرٹیفکیٹ بتقرر 05-04-1984 بوجہ تاخیر پیدائش یاسمین زبیدہ دختر غلام رسول شیخ

### اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص و عام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل کا درخواست ہے کہ سائل نے پیدائش سرٹیفکیٹ بتقرر 05-04-1984 حاصل کرنے میں تاخیر ہوئی ہے اور اس نسبت سائل نے بیان حلفی اور میونسپلٹی SMC سے NOC حاصل کر کے سائل کا غذات کی ہے۔ لہذا اس نسبت ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا اشخاص کو اموات سرٹیفکیٹ بحق سائل بتقرر 05-04-1984 اجراء کرنے میں کوئی عذر یا اعتراض ہوتو وہ اندر ایک ہفتہ اپنے عذرات دفتر میں پیش کریں۔ معیاد گذرنے کے بعد کوئی بھی عذر یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

تحریر الصدر:۔ نائب تحصیلدار رام باغ

## از دفتر نائب تحصیلدار سرکل رام باغ سرینگر

عنوان: کاغذات بردرخواست: خرشید ایوب متو ولد مرحوم محمد رجب متو ساکنہ نرسنگھ گڑھ بمراد حصول اجرائی وارث جائز/ ڈیپنڈنٹ سرٹیفکیٹ بوجہ فوتگی والد

### اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص و عام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں درخواست سائلہے کہ سائل کا والد مورخہ 11-01-2026 کو فوت ہو اہے اس نسبت سائل کو لیگل ہیئر/ ڈیپنڈنٹ سرٹیفکیٹ اولا درکار ہے۔ راقم نے اس ضمن میں متعلقہ پٹواری حلقہ سے رپورٹ طلب کیا ہے۔ قرار رپورٹ پٹواری حلقہ کے مطابق متوفی کے پسماندگان/ وارثان بوقت مرگ چھوڑے ہیں۔

| نام افراد کنبہ | عمر تقریبا | پیشہ | رشتہ ہمراہ |
|---|---|---|---|
| حاجرہ بیوہ محمد رجب متو | 75سال | گھریلو کام | بیوہ متوفی |
| خرشید ایوب متو ولد محمد رجب متو | 65سال | ریٹائر ملازم | پسر متوفی |
| زاہدہ پروین دختر محمد رجب | 62سال | ---- | دختر متوفی |
| نسیمہ بشیر دختر محمد رجب متو | 60سال | ملازم | دختر متوفی |

اس کے علاوہ او رکوئی پسماندگان/ وارث جائز موجود نہیں ہے۔ لہذا زیر بحث سرٹیفکیٹ بحق سائل اجرا کرنے میں اگر کسی بھی شخص یا اشخاص کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر ایک ہفتہ دفتر ہذا میں پیش کریں۔ معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

تحریر الصدر: نائب تحصیلدار سرکل رام باغ سرینگر

# ایران پر امریکہ اور اسرائیل کی بمباری: 5 روز میں 181 بچے سمیت 1045 افراد جاں بحق

## ہرمز صرف امریکہ، اسرائیل، یورپ اور ان کے دیگر اتحادیوں کے لیے بند

تہران، 5مارچ (یواین آئی) ایران پر امریکہ اور اسرائیل کی فضائی بمباری کے ابتدائی پانچ دنوں میں 1,000 سے زائد عام شہری شہید ہو چکے ہیں۔ امریکہ میں قائم انسانی حقوق کی تنظیم ہیومن رائٹس ایکٹوسٹ کے مطابق ایران پر امریکہ اور اسرائیل کی فضائی بمباری کے ابتدائی پانچ دنوں میں 1097 عام شہری شہید ہو چکے ہیں، جن میں دس سال سے کم عمر کے 181 بچے بھی شامل ہیں۔ حقوقِ انسانی کی تنظیم نے بتایا کہ ہفتے کی صبح شروع ہونے والی اس جنگ میں اب تک 1,097 شہریوں کی ہلاکت اور 5,000 سے زائد کے زخمی ہونے کی اطلاعات جمع کی جا چکی ہیں۔ یہ جنگ ہفتے کو بڑے پیمانے پر کیے گئے ان فضائی حملوں سے شروع ہوئی تھی جن میں ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای سمیت دیگر فوجی اور سیاسی قیادت کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ تنظیم کا کہنا ہے کہ مزید 880 اموات کی تصدیق اور درجہ بندی کا عمل جاری ہے۔ اگرچہ ٹائم' میگزین نے ان اعداد و شمار کی آزادانہ تصدیق نہیں کی ہے، تاہم اسکول پر ہونے والے حملے میں شہید ہونے والے بچوں کی تعداد 108 سے 181 کے درمیان بتائی جا رہی ہے۔ ادھر ایران کے پاسداران انقلاب نے جمعرات کو کہا کہ آبنائے ہرمز صرف



امریکہ، اسرائیل، یورپ اور دیگر مغربی اتحادیوں کے جہازوں کے لیے بند ہے۔ آبنائے ہرمز، جو دنیا کے اہم ترین سمندری راستوں میں سے ایک ہے، جنگ شروع ہونے کے بعد سے مفلوج ہے۔ ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی کے مطابق، اسلامی انقلابی گارڈ کور نے کہا، "ہم اس سے پہلے کہہ چکے ہیں، بین الاقوامی قوانین اور قراردادوں کی بنیاد پر، ایران کو جنگ کے وقت آبنائے ہرمز سے گزرنے کو کنٹرول کرنے کا حق حاصل ہوگا۔" آئی آر جی سی نے خبردار کیا کہ اگر امریکہ، اسرائیل، یورپ اور ان کے حامیوں کے جہازوں کو دیکھا گیا تو ان پر یقینی طور پر حملہ کیا جائے گا۔' ہفتہ کو امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف مشترکہ آپریشن شروع کرنے کے بعد سے آبنائے کو مؤثر طریقے سے بند کر دیا گیا ہے، جس سے تیل کی قیمتیں گر رہی ہیں اور عالمی معیشت کو تباہ کرنے کا خطرہ ہے۔

# ایران سے فائر ہر چیز نہیں روک سکتے: امریکی وزیر دفاع کا اعتراف

## امریکی فوج تیزی سے ایران کی فضائی حدود پر کنٹرول قائم کر رہی ہے

واشنگٹن، 5 مارچ (یواین آئی) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے اعتراف کیا ہے کہ ایران سے فائر کی جانے والی ہر چیز نہیں روک سکتے۔ امریکہ نے اعتراف کیا ہے کہ ایران سے فائر کی جانے والی ہر چیز نہیں روک سکتے، امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے پریس بریفنگ میں بتایا کہ ہم نے کاؤنٹر یو اے ایس سسٹم نصب کر دیا ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم ہر چیز روک سکتے ہیں۔ انھوں نے تسلیم کیا کہ ایران سے ہونے والے بعض فضائی حملے اپنے اہداف تک پہنچ سکتے ہیں لیکن امریکی فوج تیزی سے ایران کی فضائی حدود پر کنٹرول قائم کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ ایران نے امریکہ اور اسرائیل پر حملوں کی انیسویں لہر شروع کر دی ہے، پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ میزائل اور ڈرونز پر مشتمل مشترکہ کارروائی کر رہے ہیں، اگر حکومت گرانے کی کوشش کی تو اسرائیل کے ڈیمونا جوہری مرکز کو نشانہ بنائیں گے۔ الجزیرہ کا کہنا ہے کہ امریکی اور اسرائیلی طیاروں نے تہران سمیت دیگر شہروں میں شدید بمباری کی، 6 دن سے جاری حملوں میں شہید ہونے والوں کی تعداد 1045 ہوگئی ہے اور 6 ہزار زخمی ہیں، زخمیوں میں 300 بچے بھی شامل ہیں۔ اسرائیلی فضائیہ کا کہنا ہے ایران پر 5000 ٹن سے زائد گولہ بارود گرایا جا چکا ہے۔ ادھر اسرائیلی اور امریکی حملوں میں ایران کے خلاف 100 گھنٹے کے دوران کیا کارروائیاں کیں امریکی سینٹرل کمانڈ نے ویڈیو جاری کردی۔ ایران پر اسرائیل اور امریکہ کے حملوں کا آج چھٹا روز ہے۔ ایران کے خلاف جاری آپریشن ایپک فیوری



کے 100 گھنٹے کے دوران کتنی کارروائیاں کی گئیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے اس کی ویڈیو جاری کردی ہے۔ ویڈیو میں ایران کے خلاف فضائی اور بحری کارروائیوں کی جھلکیاں دکھائی گئی ہیں۔ امریکی بحری بیڑے سے اڑان بھرنے والے جنگی طیاروں کو ایران کے مختلف علاقوں میں اہداف کو نشانہ بناتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس ویڈیو میں جدید ترین بی ٹو اسٹیلتھ بمبار طیاروں اور ہیلی کاپٹروں کو بھی کارروائیوں میں حصہ لیتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ آپریشن کے دوران امریکی آبدوزوں کی جانب سے بھی ایران کی طرف میزائل داغے جانے کے مناظر بھی اس ویڈیو میں شامل ہیں۔

# ایرانی حکومت کا لڑاکا طیارے گرانے اور

## 100 امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا دعوے غلط قرار

واشنگٹن، 5مارچ (یواین آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے ایرانی حکومت کے لڑاکا طیارے گرانے اور 100



امریکی فوجیوں کی ہلاکات کے دعوے غلط قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے ایران کی جانب سے کیے جانے والے فوجی کامیابیوں کے تمام دعووں کو یکسر مسترد کرتے ہوئے انہیں جھوٹ پر مبنی پروپیگنڈا" قرار دے دیا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایرانی حکومت کے لڑاکا طیارے گرانے اور 100 امریکی فوجیوں کی ہلاکت کے دعوے سراسر غلط ہیں۔ ترجمان نے واضح کیا کہ امریکی بیڑے اور طیاروں کی تباہی سمیت امریکی فوج کے انخلا کی تمام خبریں من گھڑت ہیں۔ سینٹ کام کا کہنا تھا کہ امریکی فورسز ہر گزرتے گھنٹے کے ساتھ ایرانی فضائی حدود میں اپنی کارروائیوں اور حملوں کی شدت میں اضافہ کر رہی ہیں، فضائی، زمینی اور بحری طاقت کے مؤثر استعمال سے اب تک 20 سے زائد ایرانی بحری جہاز تباہ کیے جا چکے ہیں۔ امریکی انٹیلی جنس اور آپریشنل اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ چار دنوں میں ایرانی ڈرون لانچز میں 73 فیصد تک نمایاں کمی آئی ہے۔

# سعودی عرب کا 3 ایرانی کروز میزائل مار گرانے کا دعوی

## امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے سعودی وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا

ریاض، 5مارچ (یواین آئی) سعودی عرب نے ایرانی کروز میزائل مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے اور 3 میزائلوں کو الخرج شہر کے باہر گرا کر تباہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سعودی عرب کی وزارتِ دفاع نے الخرج شہر کے مضافات میں تین کروز میزائلوں کو کامیابی سے نشانہ بنا کر تباہ کرنے کا دعویٰ کر دیا۔ سعودی وزارتِ دفاع کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ الخرج شہر کی جانب بڑھنے والے تین کروز میزائلوں کو شہر کی حدود سے باہر ہی فضا میں ناکارہ بنا دیا گیا، اس بروقت کارروائی کے نتیجے میں کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ اس اہم پیش رفت سے قبل امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے سعودی وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ مارکو روبیو کے ترجمان ٹومی پگاٹ نے بتایا کہ امریکی وزیر خارجہ نے ریاض میں امریکی سفارت خانے پر ہونے والے



حملے کے بعد سعودی عرب کے فوری اور بھرپور ردِعمل پر سعودی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی گفتگو میں مشرقِ وسطیٰ کے استحکام کو لاحق خطرات اور خطے میں ہونے والی دیگر حالیہ پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

### ایران پڑوسی ملکوں پر حملے فوری بند کرے، قطری وزیر اعظم کا مطالبہ

دوحہ، 5مارچ (یو این آئی) قطری وزیر اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم آل ثانی نے ایران سے پڑوسی ملکوں پر حملے فوری بند کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے شیخ محمد بن عبدالرحمن آل ثانی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں خطے کی کشیدہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قطری وزیر اعظم نے ایران کے صرف امریکی اڈوں کو نشانہ بنانے کے دعوؤں کو جھوٹ قرار دے دیا اور کہا کہ زمین پر موجود شواہد ایرانی دعوؤں کیخلاف ہیں۔ ایران کے اقدامات ہمسایہ ممالک کو نقصان پہنچانے کی نیت ظاہر کرتے ہیں۔ شیخ محمد بن عبدالرحمن آل ثانی نے کہا کہ ایرانی میزائل، ڈرونز نے رہائشی علاقوں، ایئرپورٹ کے قریبی مقامات، توانائی مراکز کو نشانہ بنایا، رہائشی مقامات، توانائی مراکز پر حملے قطر کی خود مختاری کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ قطری



وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سویلین علاقوں پر حملے عالمی قوانین کیخلاف ہیں، سویلین علاقوں پر حملوں میں عام شہریوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایران فوری طور پر پڑوسی ممالک پر حملے بند کرے اور ساتھ ہی واضح کیا کہ قطر سفارت کاری پر یقین رکھتا ہے، تاہم اپنی خودمختاری، سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔

# امارات نے ایران کے 6 بیلسٹک میزائل اور 125 ڈرون مار گرائے؛ ملبہ لگنے سے 6 پاکستانی زخمی

## ایران خلیجی ممالک میں امریکی فوجی اڈّوں اور تنصیبات کو نشانہ بنا رہا ھے

ابوظہبی/۵مارچ/(آفاق نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے ایران کی جانب سے داغے گئے 6 بیلسٹک میزائل اور 125 ڈرون تباہ کر دیے۔ عرب میڈیا کے مطابق یو اے ای کی وزارتِ دفاع نے بتایا کہ ملک کی حفاظت کے لیے ہر لمحہ چوکنا ہیں۔ ایران کے 7 میں سے 6 بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کے اندر گرنے والے میزائل سے بھی کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اسی طرح ایران کے 131 ڈرونز میں سے 125 کو کامیابی سے مار گرایا گیا جبکہ چھ ڈرون یو اے ای کی حدود میں آ کر گرے۔ دوسری جانب دارالحکومت ابوظہبی کی انتظامیہ نے بتایا کہ فضائی دفاعی نظام کی جانب سے ڈرون تباہ کیے جانے کے بعد ان کا ملبہ دو مختلف مقامات پر گرا جس میں 6 پاکستانی شہری زخمی ہو گئے۔ متحدہ عرب امارات کے حکام کا کہنا ہے کہ ڈرونز کا ملبہ لگنے سے زخمی ہونے والوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ انھیں معمولی اور درمیانی نوعیت کے زخم آئے ہیں۔ یو اے ای حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ صرف سرکاری ذرائع سے معلومات حاصل کریں اور افواہوں یا غیر مصدقہ خبروں کے پھیلاؤ سے گریز کریں۔



# نیتن یاہو نے امریکہ کے 7 دورے کر کے صدر ٹرمپ

## کو جنگ پر آمادہ کیا: سابق سعودی انٹیلی جنس چیف

ریاض، 5مارچ (یواین آئی) سابق سعودی انٹیلی جنس چیف شہزادہ ترکی الفیصل نے انکشاف کیا ہے کہ نیتن یاہو نے امریکہ کے 7 دورے کر کے صدر ٹرمپ کو جنگ پر آمادہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق سعودی انٹیلی جنس چیف شہزادہ ترکی الفیصل نے مشرقِ وسطیٰ کی موجودہ صورتحال پر لب کشائی کرتے ہوئے اسے اسرائیلی وزیراعظم کی ذاتی جنگ قرار دے دیا ہے۔ شہزادہ ترکی الفیصل نے انکشاف کیا کہ نیتن یاہو نے امریکہ کے سات دورے کیے تاکہ صدر ٹرمپ کو ایران کے خلاف جنگ پر آمادہ کیا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ نیتن یاہو اسرائیل کا آئین تبدیل کر کے ایک مطلق العنان حکمران بننا چاہتے ہیں تاکہ وہ بلا روک ٹوک فیصلے کر سکیں اور قانون انہیں تحفظ فراہم کرے۔ سابق انٹیلی جنس چیف نے بتایا کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سمیت تمام خلیجی سربراہان صدر ٹرمپ کو مسلسل مشورہ دیتے رہے کہ ایران پر حملہ نہ کیا جائے، کیونکہ سب جانتے ہیں کہ ایران جوابی کارروائی میں خلیجی ممالک میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنائے گا۔ تاہم، صدر ٹرمپ نے ان مشوروں کے برعکس ایران پر حملہ آور ہونے کا فیصلہ کیا۔ شہزادہ ترکی الفیصل نے صدر ٹرمپ کی جانب سے ایرانی کارروائیوں پر حیرت کے اظہار کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے کہا کہ مجھے صدر ٹرمپ کے حیرت زدہ ہونے پر بڑی حیرت ہے۔



### چین کا ثالثی کیلئے اپنا نمائندہ خصوصی مشرق وسطیٰ بھیجنے کا اعلان

بیجنگ، 5مارچ (یو این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے کہا ہیکہ چین ثالثی کے لیے اپنا نمائندہ خصوصی مشرق وسطیٰ بھیجے گا۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے سعودی اور اماراتی



وزرائے خارجہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے تحمل اور اختلافات پُرامن طریقوں سے حل کرنے کے مؤقف کو سراہتے ہیں۔ چینی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ تنازعات میں شہریوں کے تحفظ کی سرخ لکیر کو عبور نہیں کیا جانا چاہیے اور نہ ہی توانائی اور غیر عسکری اہداف پر حملے کرنے چاہئیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ چین ثالثی کے لیے اپنا نمائندہ خصوصی مشرق وسطیٰ بھیجے گا۔ اس کے علاوہ چینی وزیر خارجہ نے جہاز رانی کے لیے بحری راستے محفوظ ہونے پر بھی زور دیا۔

# ایران کی امریکہ اور اسرائیل پر حملوں کی 19 ویں لہر کی تیاری

## یہ کارروائی میزائلوں اور ڈرونز پر مشتمل ایک مشترکہ مشن ہوگا

### پاسداران انقلاب کا آنے والے دنوں میں حملے مزید شدید اور وسیع کرنے کا اعلان

تہران، 5مارچ (یواین آئی) ایران کی امریکہ اور اسرائیل پر حملوں کی انیسویں لہر کی تیاری جاری ہے، میزائل اور ڈرونز پر مشتمل مشترکہ کارروائی ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی انتہائی خطرناک حد تک بڑھ گئی ہے، پاسدارانِ انقلاب نے امریکہ اور اسرائیل پر حملوں کی 19 ویں لہر' شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ ترجمان پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی میزائلوں اور ڈرونز پر مشتمل ایک مشترکہ مشن ہوگا جس کا مقصد دشمن کو منہ توڑ جواب



دینا ہے۔ ایرانی عسکری حکام نے واضح وارننگ دی ہے کہ اگر ایران میں حکومت گرانے کی کوئی بھی کوشش کی گئی تو جوابی کارروائی میں اسرائیل کے ڈیمونا جوہری مرکز کو نشانہ بنایا جائے گا۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ 6 دنوں سے امریکی اور اسرائیلی طیارے تہران سمیت ایران کے مختلف شہروں پر شدید بمباری کر رہے ہیں۔ اسرائیلی فضائیہ نے دعویٰ کیا ہے کہ اب تک ایران پر 5 ہزار ٹن سے زائد گولہ بارود کرایا جا چکا ہے۔ اس وحشیانہ بمباری کے نتیجے میں اب تک 1045 افراد شہید ہو چکے ہیں جبکہ زخمیوں کی تعداد 6 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے جبکہ زخمیوں میں 300 بچے بھی شامل ہیں، جس نے عالمی سطح پر انسانی حقوق کے حوالے سے تشویش پیدا کر دی ہے۔ ادھر ایرانی پاسداران انقلاب کا آنے والے دنوں میں حملے مزید شدید اور وسیع کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے اعلان کیا ہے کہ آنے والے دنوں میں حملوں کو مزید شدید اور وسیع کیا جائے گا۔ امریکہ اور صیہونی حکومت اندھی ہو چکی ہے۔ پاسدارانِ انقلاب کا کہنا تھا کہ وعدہ صادق " آپریشن کی سترہویں لہر میں امریکی اسٹریٹجک اہداف کو نشانہ بنایا گیا، بن گورین ہوائی اڈہ اور صیہونی حکومت کی وزارتِ جنگ کو ہدف بنایا گیا۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کا دعویٰ ہے کہ کارروائی کے دوران سات سے زائد جدید رڈار نظام تباہ کر دیے گئے، جس کے بعد امریکہ اور صیہونی حکومت کی نگرانی کی صلاحیت متاثر ہوئی ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ اریڈاروں کی تباہی سے امریکا، غاصب صیہونی حکومت کی آنکھیں بند ہو گئی ہیں۔ گزشتہ روز ایرانی کمانڈر انچیف کے مشیر ابراہیم جباری نے سرکاری ٹی وی پر بات کرتے ہوئے تصدیق کی کہ آبنائے ہرمز بند ہے۔ انھوں نے خبردار کیا اس علاقہ میں نہ آئیں ورنہ سخت ردعمل کا سامنا کریں گے، مریکی اس خطے کے تیل کے پیاسے ہیں۔ ایران ان کی پائپ لائنوں پر حملہ کرے گا اور اس علاقے سے تیل برآمد نہیں ہونے دے گا۔

# بحری جہاز پر امریکی حملہ: ایرانی وزیر خارجہ کی سنگین نتائج کی دھمکی

### امریکہ جو کچھ کر رہا ہے اسے اس پر پچھتاوا ہوگا ایران کا خلیج فارس میں امریکی ٹینکر پر حملہ

تہران، 5مارچ (یواین آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سمندر میں ایرانی بحری جہاز کو نشانہ بنانے پر امریکہ کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اس جارحیت پر واشنگٹن کو شدید پچھتاوا ہوگا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس' پر جاری اپنے ایک بیان میں ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکہ نے ایران کے ساحلوں سے دو ہزار میل دور سمندر میں کھلی جارحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ امریکی فورسز نے بغیر کسی پیشگی وارننگ کے فریگیٹ دینا' نامی بحری جہاز کو نشانہ بنایا، جو اس وقت ہندوستانی بحریہ کا مہمان تھا۔ عباس عراقچی کے مطابق حملے کے وقت جہاز پر 130 افراد موجود تھے۔ انہوں نے سخت لہجہ اختیار کرتے ہوئے کہا کہ میرے الفاظ یاد رکھیے گا، امریکہ جو کچھ کر رہا ہے اسے اس پر پچھتاوا ہوگا۔ ایرانی حکام کی جانب سے اس واقعے کو بین الاقوامی سمندری قوانین کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا جا رہا ہے جس سے خطے میں پہلے سے موجود کشیدگی میں مزید اضافے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ واضح رہے امریکی نیوی نے گزشتہ روز ہندوستان میں بحری مشقوں سے واپس آنے والے ایک سری لنکن بحری جہاز کو نشانہ بنایا تھا جس کے نتیجے میں اب تک کم از کم 80 ایرانی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔ ادھر ایران کی بحریہ نے جمعرات کو خلیج فارس میں ایک امریکی ٹینکر پر حملہ کیا۔ اسلامی انقلابی گارڈ کور (آئی آر جی سی) نے سرکاری ٹیلی ویژن پر پڑھے گئے ایک بیان میں کہا کہ جہاز خلیج فارس کے شمال میں ایک میزائل سے ٹکرا گیا" اور اس وقت آگ لگی ہوئی تھی۔

# آبنائے ہرمز سے ایک بوند تیل نہیں جانے دیں گے: ایرانی پاسداران انقلاب

تہران، 5مارچ (یواین آئی) ایران کی پاسداران انقلاب نے کہا ہیکہ آبنائے ہرمز سے ایک بوند تیل نہیں جانے دیں گے۔ امریکی وزیر توانائی چیرس وریگاٹ نے کہا ہے کہ امریکی بحریہ جلد ہی آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کو تحفظ فراہم کرے گی۔ دوسری جانب جہازوں کو تحفظ دینیکے ٹرمپ کے بیان پر ایرانی پاسداران نے چیلنج کر دیا۔ ایرانی پاسداران نے کہا کہ ٹرمپ ابھی تک ہرمز کھولنے کے لیے جہاز نہ بھیج سکے، ہرمز سے ایک بوند تیل نہیں جانے دیں گے، ابھی سمندر میں میزائل اور ڈرون کے علاوہ کچھ بڑا ظاہر ہی نہیں کیا۔ ادھر کویتی بندرگاہ کے قریب دھماکے سے کارگو ٹینکر سے تیل سمندر میں رسنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں اور بتایا جا رہا ہے کہ اس دھماکے میں عملہ محفوظ ہے۔

# امریکی سینیٹ نے ایران کے خلاف جنگ ختم کرنے کی کوشش مسترد کر دی

واشنگٹن، 5مارچ (یواین آئی) امریکہ کی سینیٹ نے ایک ایسی کوشش کو مسترد کر دیا ہے جسے ڈیموکریٹس کی حمایت حاصل تھی اور جس کا مقصد صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کو کانگریس کی منظوری کے بغیر ایران کے خلاف جنگ روکنے پر مجبور کرنا تھا۔ گزشتہ روز ہونے والی 53-47 کی رائے شماری میں سینیٹرز ایران وار پاورز ریزولوشن کو آگے بڑھانے میں ناکام رہے، جب ایوان نے سینیٹ امور خارجہ کمیٹی سے اس بل کو خارج کرنے کے حق میں ووٹ نہیں دیا۔ یہ قرارداد ڈیموکریٹک سینیٹرز ٹم کین، ایڈم شیف اور چک شومر نے پیش کی تھی اور اس کا مقصد یہ تھا کہ انتظامیہ کو امریکہ کی جنگ میں شمولیت ختم کرنا پڑے جب تک کہ کانگریس فوجی طاقت کے استعمال کی منظوری نہ دے۔ زیادہ تر ری پبلکنز نے اس قرارداد کے خلاف ووٹ دیا، جس سے امور دفاع کی ایران کے خلاف فضائی حملوں کو محدود کرنے کی سینیٹ کی پہلی کوشش مؤثر طور پر رک گئی۔ ری پبلکن سینیٹر رینڈ پال نے اپنی جماعت سے اختلاف کیا اور قرارداد کے حق میں ووٹ دیا، جبکہ ڈیموکریٹک سینیٹر جان فیٹرمین نے اس کے خلاف ووٹ دیا۔ ری پبلکن رہنماؤں نے صدر کے اقدامات کا دفاع کیا اور کہا کہ انہیں ایران پر جاری حملے کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ قرارداد کی منظوری کے لیے ڈیموکریٹس کو پال کے ساتھ شامل ہونے کے لیے کم از کم چار ری پبلکنز کی ضرورت تھی۔ اگر یہ بل سینیٹ اور ایوان دونوں سے منظور بھی ہو جاتا ہے تو ٹرمپ اسے ویٹو کر سکتے تھے۔ صدر کے ویٹو کو رد کرنے کے لیے کانگریس کو دونوں ایوانوں میں تقریباً ناممکن دو تہائی اکثریت درکار ہوتی۔ وار پاورز ریزولوشن نے 1973 کے وار پاورز ایکٹ کا حوالہ دیا جو ویتنام جنگ کے بعد منظور ہوا تھا اور جو کانگریس کو فوجی مداخلتوں پر رائے دہی کرانے کا اختیار دیتا ہے اور بغیر اجازت تنازعات کو 60 دن تک محدود کرتا ہے۔ ڈیموکریٹس نے اعتراف کیا تھا کہ اس قرارداد کے منظور ہونے کے امکانات کم تھے مگر کہا کہ قانون سازوں کو جنگ کے بارے میں عوامی موقف اختیار کرنے پر مجبور کرنا ضروری تھا۔

Printer,PublisherandChiefEditor:GhulamJeelaniQadri,Printedat:AafaqPrintersNowhattaSrinagar,Publishedfrom11,PratabParkPressEnclaveLalchowkSrinagar190001
R.N.INo.43732/85,P.No.K/77,Phone:0194-2452028,Fax:0194-2475279.Email:afaaqkashmir@yahoo.com